فہرست مطالب

حرف مدیر

اردو مقالات

رسولؐ اللہ کا طریق تعلیم و تدریس / ڈاکٹر عبد الرؤف ظفر..۷

خلافت عثمانیہ میں مختلف النوع عدالتیں اوران کے حدودِ کار کا جائزہ / ڈاکٹر محمد اسلم خان ۲۳

جدید فارسی شاعری میں ہیئت کی تبدیلیاں / ڈاکٹر محمد ناصر...۴۱

کشمیر، آزادی سے غلامی تک /خواجہ زاہد عزیز..۵۱

ترجمے کا فن / خالد ندیم ۶۱

تذکرہ شیخ بہاء الدین بزبان خواجہ نظام الدینؒ / ڈاکٹر محمد سلطان شاہ.......................... ۷۳

فارسی مقالہ

ملک الشعراء محمد تقی بہار / شکیل اسلم بیگ ۸۷

عربی مقالات

الشيخ العلامة محمد أنور شاه الكشميري ودوره فى نشر الحديث النبوى
فى شبه القارة /حافظ محمد زيد ملك.. ۱۰۱

اللغة العربية في قارة أستراليا والمحيط الهادي / أ.د. مظهر معين................................۱۲۳

پنجابی مقالہ

للیریاں اعواناں دی وار / ڈاکٹر سعید خاور بھٹا...۱۳۷

انگریزی مقالہ

The Mysterious Letters of the Holy Quran and
the View Point of the Orientalists / Ms. Farhat Aziz 3

حرفِ مدیر

کلیۂ علوم شرقیہ، پنجاب یونیورسٹی درخشاں علمی روایات کی حامل ہے۔ متعدد نامور اساتذہ، محققین، ادبا وفضلا اس عظیم ادارے سے وابستہ رہے ہیں۔ اس روایت کا پاسبان مجلّہ تحقیق، کلیۂ علوم شرقیہ کی پہچان ہے۔ موجودہ شمارے میں بھی نہایت عمدہ علمی و تحقیقی مقالات شامل اشاعت ہیں۔ ڈاکٹر عبدالروف ظفر کا مقالہ رسولؐ اللہ کا طریق تعلیم وتدریس، سیرت النبیؐ کے اس نہایت اہم پہلو پر روشنی ڈالتا ہے۔ نبی اکرمؐ کی اسوۂ حسنہ ہم سب کے لیے ایک مثال اور قابل تقلید ہے۔ ڈاکٹر محمد اسلم خان نے خلافت عثمانیہ کے دور میں مختلف النوع عدالتوں اور ان کے حدود کار کا علمی و تحقیقی جائزہ پیش کیا ہے۔ بلاشبہ خلافت عثمانیہ کا زمانہ اسلامی تاریخ کا سنہرا دور ہے، اور اس عہد کے عدالتی نظام کا تجربہ نہایت مفید معلومات فراہم کرتا ہے۔ ڈاکٹر محمد ناصر نے جدید فارسی شاعری میں ہیئت کی تبدیلیوں پر بحث کی ہے۔ جدید فارسی شاعری ایک نیا موضوع ہے اور ساختاری تبدیلوں کا تنقیدی مطالعہ نہایت دلچسپ اور معلوماتی ہے۔ خواجہ زاھد عزیز نے کشمیر کی تاریخ کے بعض اہم گوشوں کو بے نقاب کیا ہے۔ آزادی سے غلامی تک کا یہ سفر یوں کشمیر کی استقامت، حوصلے اور ہمت کی داستان ہے۔ ڈاکٹر سلطان محمد شاہ نے سہروردی سلسلے کے عظیم صوفی شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی کے حالات و ملفوظات کا جائزہ چشتیہ سلسلے کے عظیم عارف خواجہ نظام الدین اولیا کے ملفوظات پر مشتمل حسن سجزی کی تالیف فوائد الفواد کی روشنی میں لیا ہے۔ یاد رہے کہ خواجہ نظام الدین اولیا کے مرشد و مراد بابا فرید الدین گنج شکر شیخ بہاء الدین زکریا کے ہم اثر اور دوست تھے۔ فارسی حصے میں شکیل اسلم بیگ نے گزشتہ صدی میں فارسی کے عظیم شاعر ملک الشعراء علامہ محمد تقی بہار کی شاعری کا

جائزہ نہایت عمدگی سے لیا ہے۔ اس طرح عربی حصے میں ڈاکٹر مظہر معین کا مقالہ براعظم آسٹریلیا میں عربی زبان کی موجودہ حیثیت کو نمایاں کرتا ہے۔ ڈاکٹر خاور سعید بھٹا کا پنجابی مقالہ للیر یاں اعواناں دی وار پنجابی ادب اور پنجاب کی تاریخ پر نہایت عمدہ تحریر ہے۔ محترمہ فرحت عزیز کا انگریزی مضمون بھی شامل اشاعت ہے۔ جس میں قرآن کریم کے بعض حروف کے بارے میں مستشرقین کے خیالات کا تنقیدی جائزہ لیا گیا ہے۔ امید واثق ہے کہ تحقیق کا یہ شمارہ اساتذہ اور اہل نظر کے ہاں مقبول ٹھہرے گا۔

محمد سلیم مظہر

Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 29, Sr.No.73, 2008, pp 7 - 22

تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۲۹، عدد ۱۔۴، شمارہ ۷۳، ۲۰۰۸ء

رسول اللہ ﷺ کا طریق تعلیم و تدریس

ڈاکٹر عبد الرؤف ظفر☆

Abstract

One of holy Prophet's duties as a Messenger of God was to educate people. Since the holy Prophet was the true example of a complete man, he performed his duties well. He dedicated himself to teach the people what was good for them both here and hereafter. He declared himself to be a teacher. The Prophet taught and trained his companions in his own matchless way. There are many sayings of the holy Prophet (PBUH) regarding the importance of knowledge and methods of teaching. This article is a study of Prophet's method of teaching.

رسول اللہ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت نسل انسانی کے لیے مبعوث فرمایا۔ آپ ﷺ نے اس کارِ خیر کے لئے اپنی زندگی کو وقف کیا اور اس فریضہ کی ادائیگی میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔ آپ نے وحی کے مطابق محبت و الفت، دانائی و حکمت اور محنت و جدوجہد سے اس کام کو سرانجام دیا۔ اس سلسلے میں آپ ﷺ نے سب سے پہلے اپنی گزشتہ زندگی کو لوگوں کے سامنے پیش فرمایا: ﴿فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُراً مِّنْ قَبْلِهِ اَفَلاَ تَعْقِلُوْن﴾(۱) (آخر اس سے پہلے میں ایک عمر تمھارے درمیان گزار چکا ہوں کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے ؟)۔

☆ ڈائریکٹر سیرت چیئر، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور

آپ ﷺ نے لوگوں کی تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کی تربیت کا بھی خاص خیال رکھا۔ حضرت ابرہیم علیہ السلام نے جب آپ ﷺ کی بعثت کی دعا کی تھی تو اس میں تعلیم کتاب وحکمت کے ساتھ تزکیہ کا لفظ بھی استعمال فرمایا تھا۔ چنانچہ ارشاد ہے: ﴿رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولاً مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ﴾ (۲)

اس دعا میں لفظ "یزکیھم" غور طلب ہے۔ اسی طرح سے سورۂ جمعہ میں ارشاد ہے ﴿هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولاً مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِن كَانُوا مِن قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ﴾ (۳)

گویا تزکیہ آپ ﷺ کے فرائض میں شامل تھا۔ آپ ﷺ تعلیم کے ساتھ تربیت بھی کریں چنانچہ اس کا انداز بھی اللہ تعالیٰ نے خود بتایا، ارشاد ہے: ﴿ادْعُ إِلَى سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُم بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ﴾ (۴) اس کے لیے اللہ تعالیٰ نے خود بھی اپنے نبی ﷺ کی تربیت کی۔

رسول اللہ ﷺ نے خود ارشاد فرمایا: "علمنی ربی فاحسن تعلیمی وادبنی ربی فأحسن تأدیبی" (۵) کسی کو تربیت دینے کے لیے ضروری ہے کہ بہترین انداز سے بات کی جائے اور اخلاص سے نصیحت کی جائے۔ رسول اللہ ﷺ نے ان باتوں کو مدّ نظر رکھا۔ قرآن مجید میں کہیں تزکیہ سے پہلے تعلیم کتاب وحکمت کا ذکر ہے اور کہیں تزکیہ کے بعد تعلیم کتاب و حکمت کا ذکر ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بعض اوقات تعلیم کی ضرورت پہلے ہوتی ہے اور تزکیہ کی بعد میں اور کبھی تزکیہ کی پہلے اور تعلیم کتاب وحکمت کی بعد میں، اور کہیں دونوں ساتھ ساتھ چلتے ہیں، لیکن دونوں لازم وملزوم ہیں، ان کے بغیر تعلیم کا مقصد پورا نہیں ہوتا۔

ابو بکر غزنویؒ فرماتے ہیں: بعض اکابر مشائخ نے مجھ سے فرمایا اس دور میں بہترین صورت یہی ہے کہ تزکیہ اور کتاب وحکمت کی تعلیم کو ساتھ ساتھ چلایا جائے۔ یہ اس قدر الحاد و

زندقہ اور مادیت کا دور ہے کہ اگر کتاب وحکمت کی تعلیم تزکیہ روحانی کے بغیر حاصل کی جائے تو طالب علم کے لیے گمراہی کا شدید خطرہ ہے۔ اس لیے بزرگوں نے کہا اس دور میں ظلمت کا غلبہ ہے اس لیے ذکر کے اسباق اور کتاب وحکمت کی تعلیم ساتھ ساتھ ہوتی جائے۔(۶)

رسول اللہ ﷺ نے تعلیم کے ساتھ تربیت و تزکیہ پر خود توجہ دی جو کہ ایک معلم کے لیے ضروری ہوتا ہے چنانچہ فرمایا:'' انما بعثت معلما'' (۷) اور اس سے فائدہ اٹھانے کے متعلق بھی آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ترجمہ اللہ نے مجھے جو ہدایت اور علم دے کر مبعوث کیا ہے اس کی مثال اس موسلا دھار بارش کے مانند ہے جو زمین پر گری اور اس کے ایک قابل روئیدگی علاقہ نے پانی کو جذب کر لیا جس سے گھاس اور سبزی اگی اور ایک علاقہ نا قابلِ روئیدگی تھا جس نے پانی کو روک لیا اور اللہ نے اس سے انسانوں کو نفع پہنچایا،لوگوں نے خود پانی پیا، دوسروں کو پلایا، اور کھیتی باڑی کی، اور ایک علاقہ صرف سنگلاخ اور پہاڑی تھا۔ جس نے نہ پانی روکا، نہ سبزہ اگایا، یہ اس کی مثال ہے جس نے اللہ کے دین میں سے کچھ حاصل کیا اور اس کو نفع پہنچایا جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں، اس کو خود سیکھا اور دوسروں کو سکھایا ، اور اس شخص کی مثال ہے جس نے علم و ہدایت آنے کے بعد جہالت سے سرنہیں اٹھایا اور نہ ہی اللہ کی ہدایت قبول کی، جس کو دے کر مجھے بھیجا گیا ہے۔(۸)

رسول اللہ ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو علم سکھانے کے ساتھ ان کی تربیت کا بہت خیال کرتے اور عمل کی ترغیب دیتے تھے۔ مدینہ کے جنوب میں تھوڑے فاصلہ پر'' قبا ''میں درسگاہ تھی۔ بیعتِ عقبہ کے بعد بہت سے صحابہ رضی اللہ عنہم جن میں ضعفائے اسلام کی اکثریت تھی، مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مقام قبا میں آنے لگے، اور قلیل مدّت میں ان کی اچھی خاصی تعداد ہوگئی، حضرتِ سالم رضی اللہ عنہ مولیٰ ابو حذیفہ جو قرآن کے سب سے بڑے عالم تھے ان حضرات کو تعلیم دیتے تھے اور امامت بھی کراتے تھے۔ یہ تعلیمی سلسلہ رسول اللہ ﷺ کی تشریف آوری تک جاری تھا۔عبدالرحمٰن بن غنم رضی اللہ عنہ کا بیان ہے: رسول اللہ ﷺ کے دس صحابہ رضی اللہ عنہم نے مجھے بیان کیا کہ ہم

لوگ مسجد قبا میں علم دین پڑھتے پڑھاتے تھے، اس حال میں کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس آئے اور فرمایا کہ تم لوگ جو چاہو پڑھو، جب تک عمل نہیں کرو گے اللہ تعالیٰ اجر و ثواب نہیں دے گا۔(۹)

بعض اوقات رسول اللہ ﷺ لوگوں کو دیکھ کر ان کے احوال کے متعلق ان کے حسبِ حال ارشادات فرماتے تھے۔ چنانچہ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ مجلس میں تشریف فرما تھے کہ تین شخص آئے۔ ان میں سے دو شخص رسول اللہ ﷺ کی طرف بڑھے، ایک شخص مجلس میں جگہ پا کر بیٹھ گیا، دوسرا شخص حلقہ والوں کے پیچھے بیٹھ گیا، اور تیسرا شخص واپس چلا گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے تعلیم سے فارغ ہو کر فرمایا کہ ان تینوں میں سے ایک اللہ کی طرف گیا تو اللہ نے اس پر رحمت کی، دوسرے نے حیا کی تو اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ حیا کا معاملہ کیا، اور تیسرے نے اعراض کیا اللہ تعالیٰ نے بھی اس سے اعراض کیا۔(۱۰)

درسگاہِ نبوت کے وقار و تمکنت کا یہ حال تھا کہ شرکائے مجلس ہمہ تن گوش رہتے تھے۔ حضرت اُسامہ رضی اللہ عنہ بن شریک کہتے ہیں ایک مرتبہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس وقت صحابہ رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کے گردا گرد یوں بیٹھے تھے جیسے ان کے سروں پر پرندے ہیں۔(۱۱) ایک مرتبہ مجلس سے ایک آدمی اٹھا اور اس کی جگہ دوسرا آدمی بیٹھ گیا، اس کے بعد پہلا آدمی آ گیا تو رسول اللہ ﷺ نے بیٹھنے والے سے فرمایا کہ تم اس کی جگہ سے ہٹ جاؤ، ہر شخص اپنی جائے نشست کا زیادہ حق دار ہے۔(۱۲)

درسگاہ نبوی میں تمام طلبہ مؤدّب ہو کر بیٹھتے تھے اور رسول اللہ ﷺ سے اجازت لیکر باہر جاتے تھے۔ حضرت حبیب رضی اللہ عنہ بن ابی ثابت کہتے ہیں کہ جب کوئی شخص رسول اللہ ﷺ کی مجلس میں بیٹھتا تھا تو اپنے دونوں گھٹنے آگے نہیں کرتا تھا اور آپ سے اجازت لے کر اٹھتا تھا۔

رفاعۃ رضی اللہ عنہ بن رافع الزرقی سے روایت ہے، کہتے ہیں ہم ایک دن رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے، جب رسول اللہ ﷺ نے رکوع سے اپنا سرمبارک اٹھایا اور کہا: سمع

اللہ لمن حمدہ تو ایک آدمی نے آپ کے پیچھے یہ کلمات کہے: "اللّھم ربّنا و لک الحمد حمداً کثیراً طیباً مبارکاً فیہ"۔ جب رسول اللہ ﷺ نماز سے پھرے تو آپ ﷺ نے کہا یہ کلمات کون کہنے والا تھا؟ تو اس آدمی نے کہا۔ یا رسول اللہ ﷺ میں ۔تو رسول ﷺ نے فرمایا: میں نے تیس سے زیادہ فرشتوں کو دیکھا کہ وہ اس کو پہلے لکھنے کے لیے آگے بڑھے۔(۱۳)

رسول اللہ ﷺ بچوں اور نوجوانوں سے بہت زیادہ مانوس تھے اور ان پر بڑی شفقت فرماتے تھے۔ انہیں علم دین کے حصول کی تاکید کرتے تھے اور اس پر اجر و ثواب کی بشارت دیتے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "ایما نا شیء نشأ فی طلب العلم و العبادۃ حتی یکبر وھو علیٰ ذلک کتب اللّہ لہ اجر سبعین صدّیقًا" (۱۴) (جو شخص علم کی طلب اور عبادت میں پرورش پاتا ہے یہاں تک کہ اسی حالت میں بڑا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو چالیس صدیقین کا ثواب دیتا ہے)۔

نیز آپ ﷺ نے صحابہ ؓ کو نوجوان طالبانِ حدیث کے بارے میں وصیت فرمائی تھی: "یاتیکم شباب من اقطار الارض یطلبون الحدیث فاذا جاؤکم فاستوصوا بھم خیرً" (۱۵) (تمہارے پاس زمین کے اطراف سے نوجوان حدیث کی طلب میں آئیں گے، جب وہ تمہارے پاس آئیں تو تم ان کے ساتھ اچھا سلوک کرنا)۔

امام بخاریؒ نے باب تعلیم صبیان القرآن میں حضرت ابن عباس ؓ کے بچپن میں قرآن یاد کرنے کا ذکر کیا ہے۔(۱۶) مدینہ منورہ کے نوخیز و نوجوان مجلس نبوی ﷺ میں شریک ہو کر علم دین حاصل کرتے تھے، اور بعد میں انہوں نے ہی حدیث کی روایت کی ہے۔ اس وقت ان کی عمریں آٹھ دس سال سے پندرہ سال تک کی تھی۔ مثلاً حسین بن علی بن ابو طالب، عبداللہ بن زبیر، نعمان بن بشیر، ابوطفیل کنانی، سائب بن یزید، عمر بن ابوسلمہ، مسورہ بن مخرمہ، انس بن مالک، عبداللہ بن عباس، مسلم بن مخلد، سہل بن سعد ساعدی، ابوسعید خدری، رضی اللہ عنہم۔(۱۷)

نرم کلامی، شیریں بیانی اور اندازِ تعلیم کا یہ حال تھا کہ نومسلم بدوی آپ پر قربان ہو جاتے تھے۔ حضرت معاویہ بن حکم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں رسول اللہ ﷺ کی امامت میں نماز پڑھ رہا تھا، مجھ سے خلافِ ادبِ نماز میں ایک حرکت ہوئی جس پر دیگر لوگ بگڑ گئے، جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے مجھے نہایت نرمی سے سمجھایا۔ انہوں نے کہا (میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، میں نے آپ سے پہلے اور آپ کے بعد آپ سے بہتر معلم نہیں دیکھا، خدا کی قسم نہ مجھے جھڑکا، نہ مارا اور نہ ہی سخت سست کہا بلکہ فرمایا کہ نماز میں انسانی کلام اچھا نہیں ہے۔ اس میں تو صرف تسبیح، تکبیر اور قرآن پڑھنا ہے۔(۱۸)

قبیلہ سعد بن بکر کے حضرت ضمام بن ثعلبہ نے مجلسِ نبوی میں آ کر کہا: ''إنّی سائلک فمشدّد علیک فی المسألة فلا تجد علیّ فی نفسک'' (میں آپ سے سوال کروں گا اور سوال میں شدّت کروں گا، اس لئے آپ دل ہی دل میں خفا نہ ہوں)۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کی بات سن کر فرمایا: ''سل عمّا بدأ لک'' (۱۹) (تم جو چاہو سوال کرو)

کسی کی غلطی دیکھ کر فوراً نہ روکنا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''جناب رسول اللہ ﷺ کی زندگی میں ایک بار میں نے ہشام بن حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کو سورۃ الفرقان کی تلاوت کرتے ہوئے سنا۔ میں ان کی قراءت توجہ سے سننے لگا۔ میں نے دیکھا کہ وہ کئی الفاظ اس انداز سے پڑھ رہے ہیں جس طرح مجھے رسول اللہ ﷺ نے نہیں پڑھائے تھے۔ میرا جی چاہا کہ انہیں نماز ہی میں پکڑ لوں، لیکن میں نے صبر کیا، حتی کہ انہوں نے سلام پھیر لیا۔ تب میں نے انہیں ان کی چادر سے پکڑ کر کہا: ''آپ کو یہ سورت کس نے سکھائی ہے جو میں نے آپ کو پڑھتے سنا ہے؟''۔ انہوں نے کہا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے پڑھائی ہے۔ میں نے کہا: ''آپ غلط کہتے ہیں۔ جس طرح آپ نے پڑھی ہے مجھے رسول اللہ ﷺ نے اس سے مختلف انداز سے پڑھائی ہے''۔ میں انہیں پکڑ کر آنحضرت ﷺ

کی خدمتِ اقدس میں لے گیا اور عرض کیا: ''میں نے انہیں سورۃ الفرقان کے کئی الفاظ اس طرح پڑھتے سنا ہے جس طرح آپ نے مجھے نہیں پڑھائے''۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''انہیں چھوڑ دیجئے''، اور فرمایا: ''ہشام! پڑھئے''۔ انہوں نے اسی طرح پڑھی جس طرح میں نے انہیں پڑھتے سنا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اسی طرح نازل ہوئی ہے''۔ پھر فرمایا: ''عمر! آپ پڑھیئے''۔ میں نے اس طرح پڑھی جس طرح آنحضرت ﷺ نے مجھے پڑھائی تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اسی طرح نازل ہوئی ہے۔ یہ قرآن سات طریقوں پر نازل ہوا ہے۔ لہٰذا جو طریقہ آسان معلوم ہو اسی طرح پڑھ لیا کرو۔''(۲۰)

غلطی پر جذباتی رویہ سے پرہیز

اس کی اہمیت کا اندازہ اس وقت ہوتا ہے جب منع کرتے وقت سختی سے کام لینے کے نتیجہ میں خرابی کا دائرہ وسیع ہونے کا خطرہ ہو۔ اس نکتہ کو سمجھنے کے لئے اس واقعہ پر غور کریں کہ جب ایک بدو نے مسجد میں پیشاب کر دیا تو رسول اللہ ﷺ نے اس غلطی پر کس ردّعمل کا مظاہرہ فرمایا۔ حضرت انس بن مالک ؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں: ہم مسجد میں نبی اکرم ﷺ کی مجلس میں حاضر تھے کہ ایک اعرابی آیا اور مسجد میں (ایک طرف) کھڑا ہو کر پیشاب کرنے لگا۔ صحابہ کرام ؓ نے کہا: ''رُک جاؤ، رُک جاؤ''۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اس کا پیشاب نہ روکو، اسے فارغ ہو لینے دو''۔ صحابہ کرام ؓ نے اسے چھوڑ دیا حتی کہ اس نے پیشاب کر لیا۔ اس کے بعد جناب رسول اللہ ﷺ نے اسے بلایا اور فرمایا: ''ان مسجدوں میں پیشاب کرنا یا گندگی پھیلانا درست نہیں، یہ تو اللہ کے ذکر کے لئے، نماز کے لئے اور تلاوتِ قرآن مجید کے لئے ہوتی ہیں''۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے ایک آدمی کو حکم دیا تو اس نے پانی کا ایک ڈول لا کر اس جگہ پر بہا دیا۔''(۲۱)

طبرانی کی روایت میں یہ لفظ ہیں کہ اس اعرابی نے رسول اللہ ﷺ سے سن کر کہا ''قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ ﷺ کو حق دے کر مبعوث کیا ہے۔ میں تو اسے عام زمین

کی طرح زمین سمجھا تھا۔ اس لئے میں نے یہاں پیشاب کر دیا۔(۲۲)اس واقعہ میں تعلیم رسول اللہ ﷺ سے کئی حکمت کی باتوں کا پتہ چلتا ہے۔

غلطی سے محفوظ رہنے کی تدبیر

رسول اللہ ﷺ غلطی سے محفوظ رہنے کی تدبیر بھی بتاتے تھے۔ حضرت ابو امام رضی اللہ عنہ نے اپنے والد سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے اُن کا ایک واقعہ روایت کیا ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مکہ مکرمہ کی طرف روانہ ہوئے۔ جب وہ مقام جحفہ کی وادی خزار میں پہنچے تو وہاں حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ غسل کرنے لگے۔ ان کا رنگ گورا تھا اور جلد بہت خوش رنگ تھی۔ قبیلہ بنو عدی بن کعب کے ایک صاحب حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ نے انہیں غسل کرتے ہوئے دیکھا تو کہا: ایسی جلد تو میں نے کبھی کسی پردہ نشین لڑکی کی بھی نہیں دیکھی (یعنی کتنا خوبصورت رنگ ہے) اس پر حضرت سہل رضی اللہ عنہ تو وہیں زمین پر گر پڑے۔ کسی نے آ کر رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! کیا آپ سہل کو دیکھیں گے، اللہ کی قسم، وہ تو سر بھی نہیں اٹھاتے، انہیں کوئی افاقہ نہیں ہو رہا (سخت بخار ہے)۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''کیا تم اس بارے میں کسی کو قصور وار سمجھتے ہو''؟۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا: عامر بن ربیعہ نے انہیں (کپڑے اُتارتے ہوئے) دیکھا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے عامر کو طلب فرمایا، اور انہیں سرزنش فرمائی۔ ارشاد فرمایا: ''ایک آدمی اپنے بھائی کو کیوں قتل کرتا ہے۔ اگر تجھے ایک چیز اچھی لگی تھی تو تُو نے برکت کی دُعا کیوں نہ دی؟''۔ پھر فرمایا: ''اس کے لئے اپنے اعضاء دھوؤ''۔ انہوں نے ایک برتن میں چہرہ، ہاتھ، کہنیاں، گھٹنے، پاؤں اور جسم کا اندر والا حصّہ دھو کر (وہ پانی) دے دیا۔ وہ پانی حضرت سہل رضی اللہ عنہ پر ڈالا گیا۔ اس کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ جس کو نظر لگی ہو، کوئی شخص پانی اس کے پیچھے کی طرف سے اس کے سر اور کمر پر ڈال دے۔ پھر برتن بھی اس کے پیچھے ہی الٹا کر کے رکھ دے۔ چنانچہ حضرت سہل رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایسے ہی کیا گیا۔ تو وہ ٹھیک ٹھاک ہو کر لوگوں کے ساتھ روانہ ہو گئے۔(۲۳)

غلط کار کو براہِ راست مخاطب نہ کرنا

رسول اللہ ﷺ غلطی کرنے والے کو براہِ راست مخاطب کرنے کے بجائے عام بات کر دیتے تھے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''کیا وجہ ہے کہ کچھ لوگ نماز میں آسمان کی طرف آنکھیں اٹھاتے ہیں؟'' حضور علیہ السلام نے اس بارے میں سختی سے تنبیہہ فرمائی، حتی کہ ارشاد فرمایا: ''وہ ضرور ضرور اس حرکت سے باز آ جائیں، ورنہ ان کی آنکھیں چھین لی جائیں گی۔'' (۲۴)

اصلاح کے لیے انسانی فطری کمزوریوں کا خیال

رسول اللہ ﷺ اصلاح کی خاطر انسان کی فطری کمزوریوں کو ملحوظ رکھتے تھے۔ اس کی مثال عورتوں اور خصوصاً سوکنوں میں رقابت کا جذبہ ہے۔ بعض اوقات اس جذبہ کے زیر اثر عورت سے ایسی غلطی سرزد ہو جاتی ہے کہ اگر کسی اور انسان سے عام حالات میں سرزد ہو تو اس سے بالکل مختلف طریقے سے سلوک کیا جائے۔ نبی اکرم ﷺ عورتوں کی باہمی رقابت اور اس کے نتیجے میں وقوع پذیر ہونے والی غلطیوں کو خاص طور پر ملحوظ رکھتے تھے، اور اس میں عدل و انصاف کے ساتھ ساتھ صبر، برداشت اور تحمل کا اظہار فرماتے تھے۔ اس کی ایک مثال وہ واقعہ ہے جو امام بخاریؒ نے اپنی کتاب ''الجامع الصحیح'' میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ انہوں نے فرمایا: نبی اکرم ﷺ اپنی کسی زوجہ محترمہ کے ہاں تشریف فرما تھے۔ ایک اُمّ المومنینؓ نے ایک برتن میں کھانا بھیجا۔ نبی اکرم ﷺ ازواجِ مطہراتؓ میں سے جن کے ہاں تشریف فرما تھے، انہوں نے خادمہ کے ہاتھ پر ہاتھ مارا جس کی وجہ سے برتن گر کر ٹوٹ گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے برتن کے ٹکڑے جمع کئے اور ان میں گرا ہوا کھانا ڈالنے لگے اور فرمایا: ''تمہاری ماں کو غیرت آ گئی''۔ پھر آپ ﷺ نے خادمہ کو روک لیا حتٰی کہ جس امّ المومنینؓ کے ہاں حضور ﷺ تشریف فرما تھے ان کے گھر سے برتن حاضر کیا گیا۔ حضور ﷺ نے صحیح برتن ان کے ہاں بھیج دیا جن کا برتن ٹوٹا تھا اور ٹوٹا ہوا برتن ان کے ہاں رہنے دیا جنہوں نے توڑا تھا۔ (۲۵)

یہ کمال دانش مندی کا مظاہرہ تھا۔

پسندیدہ کاموں کی تحسین

رسول اللہ ﷺ پسندیدہ کاموں پر دادِ تحسین دیتے اور ہمت افزائی فرماتے تھے۔ نبی کریم ﷺ فضائل اخلاق کی تعمیر، رزائل کی بیخ کنی اور مختلف تعمیری صلاحیتوں کو نشو و نما دینے کے لیے جہاں اوصاف حمیدہ اختیار کرنے اور رزائل سے بچنے کی تلقین فرماتے وہیں آپ پسندیدہ کاموں پر صحابہ ؓ کی ہمت افزائی بھی فرماتے۔ ان کو داد و تحسین دیتے۔ جس کی وجہ سے اچھے کاموں پر انہیں استحکام حاصل ہوتا۔ راہِ حق میں پیش آنے والی تلخیوں میں بھی چاشنی محسوس ہوتی۔

غزوہ تبوک کے موقع پر رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں سے انفاق و ایثار کی اپیل کی تو حضرت عثمان غنی ؓ نے نو سو اونٹ مع ساز و سامان، سو گھوڑے اور ایک ہزار دینار پیش کیے۔ اللہ کے رسول ﷺ ان دیناروں کو اچھالتے اور فرماتے جاتے آج کے بعد عثمان غنی ؓ کو کوئی گناہ نقصان نہیں پہنچائے گا۔(۲۶) اس موقع پر سب سے زیادہ ایثار اس غریب محنت کش انصاری حضرت ابو عقیل ؓ نے کیا جس نے دن بھر پانی کھینچ کھینچ کر چار سیر چھوہارے کمائے اور دو سیر چھوہارے اہل و عیال کے لیے رکھ کر دو سیر آپ ﷺ کی خدمت میں لا کر پیش کیے۔ آنحضور ﷺ نے ان کے جذبہ ایثار کی قدر کرتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کی اور فرمایا: ''ان چھوہاروں کو قیمتی مال کے ڈھیر پر بکھیر دو۔''(۲۷)

زجر و توبیخ کا انداز

نبی کریم ﷺ کے طریقِ تربیت کے مطالعہ سے سیرتِ پاک میں ایسی بہت سی مثالیں سامنے آتی ہیں کہ آپ ﷺ نے بوقتِ ضرورت تیور بدل کر بھی بات کی اور زجر و توبیخ سے کام بھی لیا۔ اصلاح و تربیت کی خاطر آپ ﷺ نے ترکِ تعلق بھی کیا اور اس کا حکم بھی دیا اور اس سلسلہ میں یہ اصول معیّن فرما دیا: ایمان کا مضبوط ترین کڑا یہ ہے کہ اللہ کے لیے دوستی کی

جائے، اللہ ہی کے لیے دشمنی کی جائے، اللہ ہی کی خاطر محبت ہو اور اللہ ہی کی خاطر ناراضی ہو۔(۲۸)

اگر ضرورت متقاضی ہو تو اصلاح و تربیت کے لیے زجر و توبیخ اور ترکِ تعلق بھی ایمان کی علامت اور اسلام کا منشا ہے۔ نبی کریمﷺ حتی الامکان ملاطفت و نرمی، محبت و دل جوئی، پیار و ہمدردی کے جذبات سے سرشار ہو کر نصیحت فرماتے۔ مگر جب حالات سختی اختیار کرنے کا تقاضا کرتے تو آپ سختی سے بھی کام لیتے۔

آپﷺ نے بچوں کی تربیت کے سلسلہ میں مارنے کا بھی حکم دیا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ بوقت ضرورت آپﷺ سخت تنبیہ کو بھی ضروری سمجھتے تھے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''**مروا اولادکم بالصلوة وهم ابناء سبع سنين واضربوهم عليها وهم أبناء عشرٍ وفرّقوا بينهم في المضاجع**'' (۲۹)(اپنے بچوں کو نماز کا حکم دو جبکہ وہ سات سال کے ہو جائیں اور جب وہ دس سال کے ہو جائیں ''اور نماز نہ پڑھیں'' تو انہیں مارو اور ان کے بستر الگ کر دو)۔ مگر یہ بات ہمیشہ ملحوظ رہنی چاہیے کہ شدّت و سختی اور زجر و توبیخ اسی وقت اختیار کی جائے جبکہ محبت اور پیار سے سمجھانے بجھانے کے تمام طریقے اختیار کیے جا چکے ہوں ورنہ غلط اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

تربیت کے لیے مناسب موقع کی تلاش

مناسب مواقع تلاش کرنا اور ان سے فائدہ اٹھانا بھی رسول اللہﷺ کے طریق تربیت کا حصّہ تھا۔ آنحضورﷺ اپنے صحابہ ؓ کی تربیت کے لیے بہتر مواقع کی تلاش میں رہتے۔ آپﷺ کو جب بھی کوئی موقع ملتا، آپﷺ اس کو ضائع نہ ہونے دیتے بلکہ اس سے پورا فائدہ اٹھاتے۔ ایک بار رسول اللہﷺ کے پاس کچھ قیدی آئے۔ قیدیوں میں ایک عورت بھی تھی جس کی چھاتی سے دودھ ٹپک رہا تھا۔ اسے قیدیوں میں ایک بچہ نظر آیا۔ اس نے شدّت جذبات اور فرطِ محبت میں اس بچہ کو گود میں اٹھا لیا۔ اسے اپنے پیٹ سے چمٹا لیا اور اپنا دودھ پلایا۔

آنحضورﷺ اور صحابہ کرامؓ اس منظر کو دیکھ رہے تھے۔ آنحضورﷺ نے محسوس کیا کہ اس عورت کے جذبہ محبت سے صحابہ ؓبہت متاثر ہیں۔ آپﷺ نے اس تأثراتی کیفیت سے فائدہ اٹھا کر صحابہ کرامؓ کو مخاطب کرتے ہوئے پوچھا: ''اگر اس عورت کو اختیار دے دیا جائے تو کیا یہ اپنے بچے کو آگ میں ڈال سکتی ہے؟ ''صحابہ کرامؓ نے جواب دیا: ''اللہ کی قسم! یہ عورت ایسا نہیں کر سکتی''۔ اس پر آنحضورﷺ نے فرمایا: ''یہ عورت اپنے بچے پر جتنی مہربان ہے۔اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر اس سے کہیں زیادہ مہربان ہے۔(۳۰)

مزاج اور نفسیات کا خیال

رسول اللہﷺ تربیت کیلئے مزاج اور نفسیات کا خیال رکھنا ضروری سمجھتے تھے۔ آپﷺ گفتگو، برتاؤ اور ہر چیز میں لوگوں کے مراتب اور ان کی نفسیات کا پورا خیال رکھتے۔ آپﷺ کو مردم شناسی میں کمال حاصل تھا۔ ہر شخص کی خوبیوں اور اس کے کمزور پہلوؤں پر آپﷺ کی گہری نظر ہوتی۔ ہر شخص کے مزاج اور طبیعت کا گہرا مطالعہ کرتے۔ ہر معاملہ میں اُن کے مزاج اور ساخت کا خیال رکھتے۔ آپﷺ نے خود ارشاد فرمایا: ''انزلوا النّاس منازلهم''(۳۱)(لوگوں کے ساتھ ان کے مرتبہ کے لحاظ سے پیش آؤ)۔ جن لوگوں کی تربیت آپﷺ کو مقصود ہوتی۔ آپﷺ ان کے حالات وکوائف، ان کی ذہنی وجسمانی طاقت، ان کی فطری صلاحیت اور ان کے مزاج وطبیعت کو ملحوظ رکھتے۔

ایک روایت میں آتا ہے کہ ایک شخص نے آنحضورﷺ سے جہاد میں شرکت کی اجازت چاہی۔ آپﷺ نے دریافت کیا کہ تمہارے والدین میں سے کوئی زندہ ہے؟ اس نے کہا: ہاں۔ آپﷺ نے فرمایا: ان کی خدمت کرو یہی تمہارا جہاد ہے۔(۳۲)

سنن نسائی میں اس باب کے ساتھ اگلے باب بعنوان ''الرخصة فی التخلف لمن كان له والدة'' میں ایک روایت والدہ کے متعلق ہے۔ مشورہ لینے پر آنحضرتﷺ نے فرمایا: ''هل لک من أم قال: نعم قال: فالزمها فان الجنة تحت رجليها''(۳۳)(کیا آپ کی

والدہ ہے؟ اس نے کہا ہاں ۔فرمایا: جاؤ اس کی خدمت کرو بے شک جنت اس کے قدموں تلے ہے)۔

غور کیجئے ایک شخص بوڑھی ماں کو چھوڑ کر جہاد میں شرکت کی اجازت طلب کر رہا ہے۔ جبکہ ماں سے فطری محبت کا تقاضا یہ تھا کہ ماں کی خدمت کے لیے جہاد میں عدم شرکت کی اجازت طلب کی جاتی۔ آنحضور ﷺ کی نگاہِ دور رس سے یہ کمزوری کب چھپ سکتی تھی۔ آپ ﷺ نے صحابی کی دُکھتی رَگ پر انگلی رکھی اور فرمایا:'' جاؤ اپنی ماں کی خدمت کرو، تمھارے لیے یہی جہاد ہے''۔

اشاروں سے وضاحت

رسول اللہ ﷺ سمجھانے کیلئے اشاروں سے بھی کام لیتے تھے۔ مخاطب کو اچھی طرح سمجھانے اور اپنی بات کو واضح کرنے کے لیے نبی کریم ﷺ بسا اوقات ہاتھ کے اشاروں سے مدد لیتے۔ کبھی ایسا بھی ہوتا کہ آپ ﷺ صحابہ ؓ کے سامنے کچھ خطوط کھینچتے اور ان کے ذریعہ اپنی بات کو واضح کرتے۔ اس طرح سے حاضرین کے ذہن آسانی سے ان تصورات کو قبول کر لیتے جو آپ ﷺ ان کو ذہن نشین کرانا چاہتے تھے۔ دیکھا گیا ہے کہ جب کوئی سمجھانے والا ہاتھ کے اشارہ سے یا خطوط کی مدد سے اپنی بات سمجھاتا ہے تو وہ حاضرین کے ذہن میں نقش ہو جاتی ہے۔ نبی کریم ﷺ اپنے طریقہ تعلیم و تربیت میں اس بات کو خاص طور پر ملحوظ رکھتے تھے۔

سہل ؓ بن سعد الساعدی سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:'' أنا و كافل اليتيم فی الجنّة هكذا وقال بإصبعه السّبابة و الوسطى'' (۳۴) (میں اور یتیم کی کفالت کرنے والے جنت میں ان دونوں انگلیوں کی طرح ہوں گے یہ کہتے ہوئے آپ ﷺ نے درمیانی اور شہادت والی انگلی سے اشارہ فرمایا)۔

امام بخاریؒ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری ؓ کی روایت نقل کی ہے:''قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المؤمن للمؤمن كالبنيان يشدّ بعضه بعضا وشبّك رسول

اللّٰه بين أصابعه" (۳۵)(رسول اللہﷺ نے فرمایا: مومن ،مومن کے لیے عمارت کی مانند ہے جس کا ایک حصّہ دوسرے حصّہ کو مضبوط کیے ہوئے ہوتا ہے اور رسول اللہﷺ نے اپنے ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال کر جال بنا کر دکھایا)۔

اس حدیث میں آنحضورﷺ نے اہل ایمان کے باہمی تعلق کو کس خوب صورت و دلنشین انداز میں وضاحت فرمائی۔ سننے اور دیکھنے والا جب انگلیوں کے جال کو دیکھے گا تو مسلمانوں کے باہمی گہرے تعلق کی صحیح تصویر اس کے سامنے واضح ہو جائے گی۔

ان تمام چیزوں کو سامنے رکھ کر معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہﷺ کے طریق تعلیم تدریس میں ایک بہترین معلم کی تمام خصوصیات تھیں جن کو اپنا کر ہمارے تعلیمی اداروں میں استاد اور شاگرد کا رشتہ بہت مضبوط ہوسکتا ہے اور طلباء بامِ عروج تک پہنچ کر معاشرے کے بہترین فرد ثابت ہو سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

حواشی

1۔ القرآن، سورۃ یونس: 16
2۔ القرآن، سورۃ البقرہ: 129
3۔ القرآن، سورۃ الجمعہ: 2
4۔ القرآن، سورۃ النحل: 125
5۔ الہندی، علی المتقی، کنز العمال (مؤسسہ الرسالہ، بیروت الطبعۃ الخامسۃ 1985ء) 11/406، حدیث نمبر 31895
6۔ سید ابو بکر غزنوی، تعلیم و تزکیہ (مکتبہ غزنویہ، شیش محل روڈ، لاہور) ص 17
7۔ ابن ماجہ، السنن (مکتبہ دار السلام، الریاض 1999ء) ص 35، حدیث نمبر 229
8۔ بخاری، الجامع الصحیح (دار السلام، الریاض، الطبعۃ الثانیہ 1999ء) ص 19، حدیث 79
9۔ ابن عبدالبر، ابوعمر یوسف، جامع بیان العلم وفضلہ (دار الفکر، بیروت) 2/8
10۔ بخاری، الجامع الصحیح، ص 16، حدیث نمبر 66
11۔ خطیب بغدادی، ابوبکر احمد بن علی، الفقیہ والمتفقہ (دار الکتب العلمیہ، بیروت 1980ء) 2/123
12۔ بخاری، التاریخ الکبیر (مکتبہ غراس، بیروت) 2/159
13۔ ابو داؤد، السنن (دار السلام، الریاض) ص 120، حدیث نمبر 770؛ ترمذی السنن (دار السلام، الریاض) ص 108-109، حدیث نمبر 404
14۔ جامع بیان العلم وفضلہ 1/82
15۔ خطیب بغدادی، شرف اصحاب الحدیث (ریاست الشؤن الدینیہ، الجمہوریہ الترکیۃ انقرہ، الطبعۃ الثانیہ 1991ء) ص 21
16۔ بخاری، الجامع الصحیح، ص 902، حدیث نمبر 5035-5036
17۔ خطیب بغدادی، الکفایہ (جمعیۃ دائرۃ المعارف العثمانیہ، حیدرآباد) ص 55
18۔ احمد، المسند (دار الفکر، بیروت) 5/447
19۔ بخاری، الجامع الصحیح (نور محمد اصح المطابع، کراچی) 1/14-15
20۔ ایضاً ص 895، حدیث نمبر 4992؛ ترمذی، السنن، ص 661، حدیث نمبر 2943
21۔ مسلم، الجامع الصحیح، ص 333، حدیث 660-661

۲۲۔ طبرانی، المعجم الکبیر (احیاء التراث العربی، بیروت) ۱۱/۱۷۶، حدیث ۱۱۵۵۲؛ ہیثمی، مجمع الزوائد ومنبع الفوائد (دارالکتاب العربی، بیروت)، ۲/۱۰، حدیث نمبر ۱۹۵۸

۲۳۔ الہیثمی، مجمع الزوائد، ۵/۱۰۷، حدیث نمبر ۸۴۲۶

۲۴۔ احمد، المسند، ۵/۲۹۵؛ النسائی، السنن، ص ۱۶۶، حدیث نمبر ۱۱۹۴-1195

۲۵۔ بخاری، الجامع الصحیح، ص ۹۳۴، حدیث نمبر ۵۲۲۵

۲۶۔ احمد، المسند، ۵/۶۳؛ ترمذی، السنن، ص ۸۴۲، حدیث نمبر ۳۷۰۰-۳۷۰۱

۲۷۔ سلیمان منصور پوری، محمد سلیمان، رحمۃ للعالمین (الفیصل ناشران و تاجران کتب، لاہور) ۱/۱۳۱

۲۸۔ البانی، سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ (المکتب الاسلامی، بیروت) ۲/۶۰۱، حدیث نمبر ۹۹۸

۲۹۔ احمد، المسند، ۲/۱۸۰-۱۸۷؛ ابو داؤد، السنن، ص ۸۲، حدیث نمبر ۴۹۴-۴۹۵

۳۰۔ بخاری، الجامع الصحیح، ص ۱۰۵۰، حدیث نمبر ۵۹۹۹

۳۱۔ ابو داؤد، السنن، ص ۶۸۵، حدیث نمبر ۴۸۴۲

۳۲۔ احمد، المسند، ۲/۱۸۸؛ النسائی، السنن، ص ۴۲۶، حدیث نمبر ۳۱۰۵

۳۳۔ النسائی، السنن، (دار السلام، الریاض) ص ۴۲۶، حدیث ۳۱۰۶

۳۴۔ بخاری، الجامع الصحیح، ص ۹۴۸، حدیث نمبر ۵۳۰۴

۳۵۔ ایضاً، ص ۸۳، حدیث نمبر ۴۸۱، ص ۳۹۴، حدیث نمبر ۲۴۴۶

Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 29, Sr. No.73, 2008, pp 23 - 40

تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۲۹، عدد ۱-۴، شمارہ ۷۳، ۲۰۰۸ء

خلافت عثمانیہ میں مختلف النوع عدالتیں اور ان کے حدود کار کا جائزہ

ڈاکٹر محمد اسلم خان☆

Abstract

There are no two opinions about the importance of independent judiciary for the welfare and prosperity of a nation and peace in a society. In Islam, maintaining peace and justice has been declared mandatory for the rulers without which they do not qualify for governance. When the great Usman Khan founded the Ottoman Empire in 1299 A.D, he and his successors gave special attention to the dispensation of justice for their people. They established various types of courts and tribunals in their territory. The judicial system introduced and adopted by the Ottomans has no parallel in judicial history of mankind.

خلافت عثمانیہ کا تعارف

عثمانی خاندان کا تعلق ترک قبیلہ ترکان غز سے تھا۔ اسی قبیلہ کا ایک خاندان خراسان سے آ کر آرمینیا میں آباد ہوا، اس خاندان کے سردار کا نام سلیمان خان تھا۔ ۶۲۱ھ میں جب چنگیز خان

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات، گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان

نے سلجوقیوں کے پایہ تخت قونیہ پر حملہ کرنے کے لئے فوج روانہ کی تو اس وقت قونیہ میں علاء الدین کیقباد سلجوقی حکمران تھا۔ سلیمان خان کو جب علاء الدین کیقباد سلجوقی پر تاتاریوں کے حملے کی خبر ملی تو اس نے علاء الدین کیقباد سلجوقی کو مدد پہنچانے کی خاطر اپنے قبیلہ کے چارسو چوالیس افراد کا ایک دستہ اپنے بیٹے ارطغرل کو دے کر روانہ کیا۔(۱)

حسن اتفاق سے انگورہ کے قریب کیقباد سلجوقی اور تاتاریوں کی فوجیں آپس میں لڑ رہی تھیں کہ ارطغرل نے تاتاریوں پر اچانک حملہ کر کے ان کو شکست دی، ارطغرل کے اس کارنامہ کے صلہ میں سلجوقی نے اسے سغوت کا زرخیز علاقہ جاگیر میں دے دیا۔(۲) اس کے بعد ارطغرل نے رومیوں کی ایک فوج کو شکست دے کر اپنی جاگیر رومی علاقہ تک وسیع کی۔ ۶۳۴ھ میں شاہ قونیہ کیقباد سلجوقی کا انتقال ہوا اور اس کی جگہ اس کا بیٹا غیاث الدین کیخسرو سلجوقی تخت نشین ہوا۔ ۶۵۷ھ میں ارطغرل کا بیٹا پیدا ہوا جس کا نام عثمان خان رکھا گیا۔ یہی وہ عثمان خان ہے جس کے نام سے ترکوں کے بادشاہوں کو سلاطین عثمانیہ یا Ottoman Empirors کہا گیا۔ ۶۸۷ھ میں ارطغرل نے وفات پائی اور شاہ قونیہ نے ارطغرل کا علاقہ عثمان خان کے نام لکھ کر سند حکومت بھیج دی۔ عثمان خان کی حسن کارکردگی سے متاثر ہو کر غیاث الدین کیخسرو سلجوقی شاہ قونیہ نے نہ صرف عثمان خان کو اپنی فوج کا سپہ سالار بنایا بلکہ اپنی بیٹی کی شادی بھی اس سے کر دی۔ جب ۶۹۹ھ میں غیاث الدین کیخسرو تاتاریوں کی لڑائی میں مارا گیا تو عثمان خان تخت قونیہ پر مسند نشین ہوا۔ اب عثمان خان نے ۱۲۹۹ء میں ایک خودمختار حکومت کی بنیاد رکھی دی جو اس کے نام سے عثمانی سلطنت کہلاتی ہے۔(۳) جس کا ذکر انسائیکلوپیڈیا یا امریکانا میں یوں درج ہے:

> On the death of Seljuk leader, Osman declared himself independent and took the title of Amir, from this event which probably occured in 1299, the founding of the empire usually is dated.(4)

اس خاندان کے اٹھائیس سلاطین نے ۱۲۹۹ء سے ۱۹۲۴ء تک ۶۲۵ سال حکومت کی،

جن میں شجاعت ، سخاوت، نظم مملکت اور عدل و انصاف کے لحاظ سے عثمان خان، اور خان سلیمان القانونی، سلیم خان، محمد فاتح اور بایزید یلدرم خاص طور پر مشہور ہیں۔ اس دوران انہوں نے ملک کے طول وعرض میں قیام عدل و انصاف کی خاطر ہر جگہ مختلف النوع عدالتیں قائم کیں جن کی نظیر تاریخ میں مشکل سے ملتی ہے۔(۵)

خلافت عثمانیہ میں مختلف النوع عدالتیں اور ان کے حدود کار کا جائزہ

تاریخی تناظر میں جب ہم سلطنت عثمانیہ پر نظر ڈالتے ہیں تو ہمیں صاف معلوم ہوتا ہے کہ سلطنت کے باشندوں میں مختلف مذاہب اور عقائد کے پیروکار تھے۔ حجاز، یمن اور نجد وغیرہ کے سوا کوئی شہر ایسا نہ تھا جس میں مسلمانوں کے ساتھ بے شمار عیسائی اور ایک حد تک یہودی آباد نہ تھے۔ یہ عیسائی اور یہودی اکثر تو اسی سلطنت کی رعایا تھے اوربعض دوسری حکومتوں کے تابع، پھر عیسائیوں میں مختلف عقائد کے کئی فرقے مثلاً رومن کیتھولک (Roman Catholic) پراٹسٹینٹ (Protestant) اورگریک چرچ (Greek Church) پائے جاتے تھے اور یہ نظریاتی و دینی اختلاف نہ صرف عیسائیوں اور یہودیوں تک محدود تھا، بلکہ مسلمانوں میں بھی مذاہب اربعہ (حنفی، حنبلی، شافعی اور مالکی) کے سوا دیگر کئی مسالک کے متبع موجود بھی تھے۔ تجارت جسے معاشی اعتبار سے کلیدی حیثیت حاصل ہے، ترکی میں عروج پر تھی اور زیادہ تر عیسائیوں اور یہودیوں کے ہاتھ میں تھی۔ ایسی مختلف قسم کی رعایا کا انتظام و انصرام مشکل ضرور تھا، مگر خلافت عثمانیہ نے نہایت دور اندیشی سے ایسے قوانین وضع کئے تھے جن کی بناء پر ہر شخص کو مذہبی آزادی اور تجارتی امور میں ہر قسم کی سہولت حاصل تھی۔ اس لئے مسلمان، عیسائی اور یہودی سب آرام سے زندگی بسر کر رہے تھے۔ ان کے مختلف مذاہب کے پیروکاروں کے خصومات و نزاعات کو چکانے کے لئے جس قدر عدالتیں مقرر تھیں، مجموعی لحاظ سے ان کی مندرجہ ذیل دو قسمیں تھیں: (۱) شرعی عدالتیں (۲) نظامیہ عدالتیں یا دیوانی عدالتیں۔

شرعی عدالتیں

ان عدالتیں کے قاضی مسلمان ہوا کرتے تھے اور یہ صرف مسلمانوں کے لیے مختص تھیں۔ مسلمان تمام نزاعات وخصومات کے تصفیہ میں ان عدالتوں کی طرف رجوع کرتے تھے۔ اگر مقدمے کی نوعیت سیدھی سادھی ہوتی تو قاضی اپنی صوابدید پر اس کا فیصلہ دیتا تھا اور اگر اس کی نوعیت پیچیدہ ہوتی تو قاضی مفتی کے فتویٰ کو پیش نظر رکھتے ہوئے فیصلہ دیتا تھا۔ قاضی کی طرف سے فیصلہ کی ہر دوصورتوں میں اگر کوئی فریق مقدمہ فیصلہ سے مطمئن نہ ہوتا تو وہ شیخ الاسلام جس کی حیثیت چیف جسٹس (Chief Justice) کی ہوتی تھی، کے ہاں اپیل دائر کرنے کا حق رکھتا تھا۔

سلطنت عثمانیہ کے ہر شہر میں ایک قاضی اور اکثر بڑے شہروں میں اس کے ساتھ ایک مفتی ہوا کرتا تھا۔ قاضی کے ماتحت مقدمات اور عدالتی کارروائی تحریر کرنے کے لئے کاتب جنہیں محرر کہا جاتا تھا، بھی مقرر ہوتے تھے۔ منصب قاضی کی اہلیت کے لئے مکتب نواب کا سر ٹیفکیٹ حاصل کرنا ضروری تھا۔ مکتب نواب سے مراد ایک مختص ادارہ تھا، جو منصب قضاء کے خواہش مند حضرات کو تربیت دینے کے لئے قائم کیا گیا تھا، جس کی نگرانی شیخ الاسلام خود کرتا تھا۔ جبکہ مفتی کے لئے اس سند کا حصول لازمی نہ تھا۔ مفتی کا انتخاب ہر شہر کے باشندے خود کرتے تھے۔ مفتیوں اور قاضیوں کے فرائض سے متعلق حکومت کی طرف سے ایک مجموعہ قوانین جو المجلہ یا مجلۃ الاحکام العدلیہ سے موسوم ہے، مرتب تھی۔(۶)

(الف) عدالتیں قاضی لکی (Kadi-Likee)

قاضی لکی اس قاضی کو کہا جاتا تھا۔ جو لواء یا قضا (جسے ترکی زبان میں ضلع یا انتظامی حلقہ کہتے ہیں) کے صدر مقام پر قائم شدہ عدالت میں اپنے فرائض سر انجام دیتا تھا۔ اس عدالت کے قاضیوں کی نامزدگی شیخ الاسلام (مفتی اعظم) کی سفارش پر کی جاتی تھی۔ اس عدالت کے اجلاس پر فریقین مقدمہ یعنی مدعی اور مدعا علیہ مفتی کے فتوے کی بنا پر مقدمہ کی

پیروی اور شہادت پیش کرتے تھے۔ مقدمہ کی کارروائی کے درمیان ایاق نائب جس کی حیثیت محرر کی ہوتی تھی۔ فریقین مقدمہ کی بحث کا خلاصہ تحریر کرکے پیش کرتا تھا اور قاضی پورے طور پر نہ صرف اس کی چھان بین کرتا، بلکہ اس پر کافی غور وخوض کرکے فیصلہ صادر کرتا تھا۔(۷) اس عدالت کی نوعیت دور نبویؐ اور خلفائے راشدینؓ میں عدالت حاکمہ مصر سے ملتی جلتی تھی۔ جو ضلع کے صدر مقام کی سطح پر ہوتی اور شدید سزائیں دینے کی مجاز ہوتی تھیں۔(۸)

(ب) کورٹس آف جسٹس (Courts of Justice)

یہ عدالتیں خلافت عثمانیہ کے تمام ولایتوں (صوبوں) کے مخصوص شہروں میں دیوانی اور فوجداری عدالتوں کے ساتھ قائم کی گئی تھیں۔ ان عدالتوں میں ماتحت عدالوں کے مرافعوں (اپیلوں) کی سماعت اور ایسے جملہ جرائم کا فیصلہ کیا جاتا تھا، جس میں تعزیری سزائیں دی جاتی تھیں۔ ان کے صدر نائب علماء میں سے ہوتے تھے۔ اس لحاظ سے وہ نہ صرف شریعت کے علاوہ کسی دوسرے قانون کو تسلیم نہیں کرتے تھے بلکہ قانون دیوانی کے بھی مخالف ہوتے تھے۔ ان عدالتوں کے اراکین کی تعداد میں وقتاً فوقتاً کمی زیادتی رہتی تھی واضح رہے کہ اس عدالت کے اراکین کی تعداد میں کمی وبیشی کے عمل کا آغاز اس وقت سے ہوا، جب ۱۸۶۸ء میں کونسل آف سٹیٹ (Council of State) فرانسیسی طرز پر قائم ہوئی۔(۹)

اس عدالت کی نظیر ہمیں دور نبویؐ اور خلفائے راشدینؓ میں عدالت عالیہ ولایت سے کم وبیش موافق نظر آتی ہے۔ یہ عدالتیں (کورٹس آف جسٹس) صوبوں کے مخصوص شہروں میں قائم کی گئیں تھیں اور عدالت عالیہ ولایت صوبہ کی سب سے آخری عدالت تھی۔(۱۰)

(ج) متعدد سررشتہ جات کی عدالتیں

سلطنت عثمانیہ میں ولایت یا صوبہ سطح پر جتنے محکمے ہوتے تھے، ہر ایک کی علیحدہ عدالت ہوا کرتی تھی۔ جس میں اس محکمہ سے متعلقہ جملہ معاملات کے نزاعات اور مقدمات نمٹائے جاتے تھے۔ ان کے قاضی نائب کہلاتےتھے، جن کی نامزدگی اور معزولی سلطان خود کرتا

تھا۔ یہ نائبین فرائض کی انجام دہی میں شیخ الاسلام کے ماتحت اور اس کو جوابدہ ہوتے تھے۔ یہ بھی واضح رہے کہ مدحت پاشا جو اپنے دور میں خلافت عثمانیہ میں سنگ میل کی حیثیت کا حامل تھا، نے اپنی وزارت عدل کے دوران ان ہی نائبین کو شیخ الاسلام کی زیر نگرانی اور ماتحتی سے نکال لینے کی کوشش کی تھی لیکن مفتی اعظم کی شدید مخالفت کی بناء پر اسے کامیابی حاصل نہ ہو سکی۔ (۱۱)

(د) عدالتیں اپیل عرضی اداسی (Arz-Odaci)

اس عدالت کے دو علیحدہ علیحدہ ایوان ایک رومیلیہ (Romalia) اور دوسرا اناطولیہ(Anatolia) کے لئے تھے۔ ہر ایوان ایک قاضی عسکر صدر اور چودہ ججوں پر مشتمل ہوتا تھا، قاضی عسکر ایوان کا صدر ہوا کرتا تھا۔ ابتداء میں لقب جس کے معنی فوجی منصف کے ہیں، ان حضرات کو دیا گیا تھا، جن کو قدیم زمانے میں جب سلطان کسی مہم کو سر کرنے پر روانہ ہوتا،تو وہ اسے اپنے ساتھ اس غرض سے لے جایا کرتا تھا کہ سپاہیوں کے مابین اگر کوئی نزاع پیدا ہو تو اس کا فیصلہ کر دیا جائے۔ آغاز میں یہ ایک عہدہ تھا،لیکن بعد میں دو قاضی العسا کر ایک رومیلیہ اور دوسرا ناطولیہ کا تقرر مستقل طور پر عمل میں لایا گیا۔(۱۲) تاریخی حوالہ سے ان کا یہ مستقل تقرر فتح قسطنطنیہ کے بعد ۸۸۵ھ/۱۴۸۰ء میں سلطان محمد ثانی کے حکم سے قرار پایا۔ اور ان کے دائرہ کار کا تعین ہوا، اس لحاظ سے رومیلہ کا قاضی عسکر مسلمانوں کے ان مقدمات کی سماعت کرتا تھا، جن کے مسائل صدرمقام سے متعلق ہوتے تھے، اور غیر مسلموں کے مقدمات کی سماعت اناطولیہ کے قاضی عسکر کے حوالے کی جاتی تھی۔

رومیلہ کے قاضی عسکر کو اناطولیہ کے قاضی عسکر پر فوقیت حاصل تھی، کیونکہ ان کے دائرہ اختیار میں جائیدادوں، سرکاری قرضوں اور خزانے کے مفادات سے متعلقہ مقدمات کی سماعت بھی داخل تھی۔ ان دونوں قاضی عسکروں کو تین مقدمات ،قسطنطنیہ، بروصہ اور ادرنہ جو عثمانیہ کے صدر مقام تھے،کے سوا ہر جگہ قاضیوں اور مدرسین کے مقرر کرنے کا اختیار حاصل تھا۔

ان تین مذکورہ مقامات میں مختلف عہدوں کے لئے نامزدگی صدر اعظم (وزیراعظم) کے پاس تھی۔(۱۳)

یہ عدالت نہ صرف فوجیوں کے مقدمات کے لئے مختص تھی، بلکہ مفتوحہ علاقوں میں عدالتی فرائض سر انجام دینے کے ساتھ ساتھ ان علاقوں میں مقامی آبادیوں کے خصومات نمٹانے کے لئے نئی عدالتوں کی تشکیل بھی اس کے فرائض میں شامل تھا۔ عدالت کے سربراہ قاضی عکسر کا عہدہ سلطنت عثمانیہ کے نظام قضاء کے اعلیٰ ترین عہدوں میں سے ایک تھا۔ اس عہدے پر جو لوگ تعینات ہوتے تھے۔ ان کا منصب شیخ الاسلام کے بعد سب سے بلند سمجھا جاتا تھا۔ یہ لقب سب سے پہلے ۷۶۳ھ/۱۳۶۲ء میں سلطان مراد نے قرہ خلیل کے لئے وضع کیا تھا۔ سلیمان قانونی سے پہلے شیخ الاسلام کو ان پر کوئی اختیار حاصل نہ تھا۔ سب سے پہلے ان عہدوں پر مصلح الدین العسقلانی، حاجی حسن اور مذکورہ قرہ خلیل مامور ہوئے۔(۱۴)

تاریخ کے حوالے سے قاضی عسکر کی عدالت کی نظیر خلافت عثمانیہ سے قبل ادوار اسلامی میں بھی پائی جاتی ہے، لیکن خلافت عثمانیہ نے اس عدالت کے حدود کار اور قاضیوں کے فرائض و اختیارات میں جو اضافے کئے وہ اپنی مثال آپ ہیں۔(۱۵)

(ھ) عدالت وقف

یہ وقف املاک سے متعلق شرعی عدالت تھی۔ اس کے قاضی کو مفتش کہا جاتا تھا۔ اس عدالت کے ذمے وقف املاک کی پوری نگہداشت تھی۔ سلطان کے سوا اس عدالت کی منظوری کے بغیر کسی بھی شخص کو یہ اختیار حاصل نہ تھا کہ وہ وقف املاک کو کسی کی ذاتی ملکیت قرار دے۔ نیز اوقاف کے زیر نگرانی اراضی اور دیگر املاک سے متعلق قابض مالکوں اور حکومت کے مابین طے شدہ معاہدات اور دیگر مالی امور وغیرہ میں بے قاعدگیوں کی وجہ سے اگر نزاعات وخصومات رونما ہوتے تو فریقین ان کے تصفیے کے لئے بھی اسی عدالت کی طرف رجوع کرتے تھے۔ یہ وقف سے متعلقہ عدالتیں پیش آمدہ جملہ مقدمات کو شرعی قوانین کی روشنی میں فیصلہ کرتی تھیں اور

ہرقسم کے بیرونی دباؤ اور اثر و رسوخ سے آزاد تھیں۔ رعایا کی آسانی کی خاطر یہ عدالتیں سلطنت عثمانیہ کے ہرسنجاق (ضلع) اور ولایت (صوبہ) میں قائم تھیں۔ جو مواصلات (Muaccelat) اور ناظرلری (Nazirlari) کے نام سے موسوم تھیں، جبکہ رومیلیہ اور اناطولیہ کے وقف املاک صوبائی قاضیوں کے سپرد تھیں، جنہیں حکمائے بلاد (Hukkame-e-Bilad) کہا جاتا ہے تھا اور جہاں یہ عدالتیں نہیں پائی جاتیں تھیں وہاں وقف املاک وویودز (Voyvodes) اور مستسلمز (Mustesellims) یعنی گورنر اور ڈپٹی لیفٹیننٹ گورنر کے دائرہ اختیار میں داخل تھیں۔ وقف املاک کے علاوہ ان عدالتوں کے فرائض میں مساجد اور دوسرے مذہبی اور خیراتی اداروں کے اوقاف کا انتظام و انصرام بھی داخل تھا۔ ان عدالتوں کے قاضیوں کا شمار درجہ سوم کے قاضیوں میں ہوتا تھا۔(۱۶)

(و) عدالت شیخ الاسلام

خلافت عثمانیہ میں شیخ الاسلام کی عدالت، وزارت عظمیٰ کی عدالت کے ہم پلہ، بلکہ ایک حیثیت سے بڑی اختیارات کی حامل تھی کیونکہ تمام صوبائی حکام وزیراعظم کے سامنے جوابدہ ہوتے تھے، اور وزیر اعظم سلطان کے حضور میں جوابدہ ہوتا تھا۔ مگر شیخ الاسلام کی شخصیت سے بڑے بڑے سلطان گھبراتے تھے۔ عدالتی یا عام معاملاتی امور میں کسی غلط کام کے لئے انہیں آمادہ کرنا قطعی ناممکن تھا۔(۱۷) شیخ الاسلام نہ صرف خلافت عثمانیہ کے قاضی القضاۃ ہوتے تھے بلکہ شرعی اور تعلیمی امور کے نگران اور محافظ بھی ہوتے تھے۔ یہ ہی قاضیوں کا تقرر کرتے اور انہیں معزول کرتے تھے۔(۱۸)

شیخ الاسلام کی عدالت استنبول میں واقع تھی۔ ان کے ماتحت مجلس تدقیقات شرعیہ یعنی محاکم شرعیہ کے لئے ایک عدالت تنسیخ بھی تھی۔ شیخ الاسلام کے سیکرٹریٹ (Secreteriate) جسے شیخ الاسلام قپیسی کہتے تھے، میں قاضی عسکر، قسام اور قاضی استنبول کی اعلیٰ شرعی عدالتیں بھی تھیں۔ ان اعلیٰ عدالتوں کے فیصل شدہ مقدمات پر اپیل کی سماعت

شیخ الاسلام کی عدالت میں ہوتی تھی۔(۱۹)

شیخ الاسلام (قاضی القضاۃ) حکومت کے عہدیداروں کے تیسرے گروہ، جماعت علماء کا سربراہ ہوتا تھا، جس کے فرائض میں سب سے اہم یہ فتویٰ دینا بھی شامل تھا کہ حکومت کا کوئی فعل قرآنی احکام وقوانین کے مطابق ہے یا نہیں نیز حرب، معاہدات و عام معاملات کے بارے میں شیخ الاسلام سے مشورہ لینا لازمی تھا۔(۲۰)

نظامیہ عدالتیں یا دیوانی عدالتیں

یہ عدالتیں سلطنت عثمانیہ کی کی رعایا اور دیگر ممالک کے لوگوں کے لئے مقرر تھیں۔ ان عدالت کے قوانین یورپ کے قوانین سے ماخوذ تھے اور ان کے مقدمات دیوانی اورفوجداری دونوں پر مشتمل ہوتے تھے۔ یہ عدالتیں ہر ولایت (صوبہ) قائم مقام لک او رمتصرف لک (علاقہ جہاں ناظم/نائب ناظم فرائض ادا کرتا تھا) میں ہوتی تھیں۔ ہر عدالت میں چار جج کام کرتے تھے، جن میں دو مسلمان اور دیگر مذاہب کے ہوتے تھے سربراہ مسلمان ہوتا تھا اور قاضی کہلاتا تھا۔ اس قاضی کے منصب پر تقرری کے لئے مکتب حقوق لاء کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنا لازمی تھا۔

یہ عدالتیں ابتدائی تھیں اور ہر ایک ولایت (صوبہ) کے صدر مقام میں ان کی عدالت ہائے اپیل مقرر تھیں، اور دونوں قسم کی عدالت کی تصحیح احکام کے لئے آستانہ (دائرہ حکومت جس کا سربراہ سلطان ہوتا تھا) میں عدالت تمیز و نظر ثانی جس کا تعلق ناظر عدلیہ (وزارت عدل) سے تھا، جو عدالت میں مقدمہ کی کارروائی کو غور سے سنتا اور جہاں کہیں موکل کے خلاف کوئی امر دیکھتا تو اس کی طرف توجہ مبذول کراتا۔(۲۱)

(الف) عدالت ہائے ماتحت

یہ عدالتیں قضاۃ (اضلاع) کے مخصوص قصبوں میں ایسے تمام دیوانی مقدمات جن کی مالیت ایک ہزار پیاسٹر (ترکی سکہ) سے زیادہ نہ ہوتی، فیصلہ کرتی تھیں، اور ایسے تمام اصلاحی

مقدمات جن کی سزا ایک ہفتہ سے زیادہ کی قید اور سو پیاسٹر تک جرمانہ ہوتا، کا بھی تصفیہ کرتی تھیں، اور مرافعہ (اپیل) پیش ہونے پر یہ عدالتیں ایک ہزار پیاسٹر سے زائد مالیت کے ایسے دیوانی اور اصلاح مقدمات کا فیصلہ کرتی تھیں، جن میں تین ماہ قید کی سزا اور پانچ ہزار پیاسٹر کا جرمانہ ہوتا۔(۲۲)

(ب) عدالت مجالس تمیز حقوق

یہ عدالتیں لوازیا قضا (ضلعوں) کے مخصوص شہروں میں ماتحت عدالتوں کے لئے عدالت ہائے مرافعہ کا کام دیتی تھیں (۲۳) اور پانچ ہزار پیاسٹر تک کے دیوانی مقدمات کا فیصلہ کرتی تھیں۔ ان مجالس تمیز حقوق میں حسب ذیل مجالس (کمیٹیاں) جو مجلس آوارہ کے نام سے موسوم تھیں، شامل تھیں۔

(i) اعضائے طبعیہ

یعنی عہدہ داران ، اس کے اراکین دفتر دار (Accountant General) مکتوب جی، مفتی، پادری، اور باش کاتب (میر منشی) ہوتے تھے۔

(ii) اعضائے منتخبہ

اس کے اراکین دو مسلمان، ایک عیسائی اور ایک یہودی ہوتے تھے۔ اگر یہودی نہ ہوا، تو دونوں عیسائی ہوتے۔ اس مجلس کی صدارت کے فرائض والی (Governor) ادا کرتے تھے۔ اعضائے منتخبہ کے رکن کے انتخاب کے لئے شرط تھی کہ وہ پانچ سو قرص (ترکی سکہ) سالانہ ٹیکس ادا کرنے والا ہو۔

(iii) مجلس متصرف لک یعنی لوا

یہ مجلس اعضائے طبعیہ کے اراکین اور محاسب جی (Auditer General) مدیر تحریرات، قاضی، پادری، اراکین اعضائے منتخبہ اور اعضائے ولایت کے چار اراکین پر مشتمل تھی۔ اس مجلس کی ذمہ داری متصرف لک (ضلع وصوبہ میں سے کسی ایک کا ناظم) کے سپرد تھی اور منتخبہ

ممبروں کے لئے یہ شرط تھی کہ وہ ایک سو قرص (ترکی سکہ) سالانہ ٹیکس ادا کرنے والا ہو۔(۲۴)

(iv) مجلس قائمقام لک

جس میں اراکین اعضائے طبعیہ، قاضی مدیر تحریرات، مدیر اموال، پادری اور اعضائے منتخبہ کے تین ممبر ہوتے تھے، جن میں ایک مسلمان، ایک عیسائی اور ایک یہودی ہوتا تھا۔ مجلس کی صدارت قائمقام کے ذمہ تھی اور اراکین اعضائے منتخبہ ممبروں کے لئے یہ شرط تھی کہ وہ ایک سو قرص (ترکی سکہ) سالانہ ٹیکس ادا کرنے والا ہو۔

(v) مجلس ناجیہ

مجلس ناجیہ میں اعضائے طبعیہ کی تعداد معین نہ تھی، مقامی حالات کے مطابق کم از کم چار اور زیادہ سے زیادہ آٹھ ممبر ہوتے تھے اور ان سب کا انتخاب مقامی آبادی میں سے ہوتا تھا، اس کی صدارت مدیر کے سپرد تھی۔

قضاء اور انتظامی امور کے انصرام کے علاوہ ان مجالس کے فرائض میں تمام محکموں کی نگرانی، رعایا کی بنیادی ضروریات پر غور و خوص، محصول، ڈاک، ٹیلی گراف، مکاتب، پولیس وغیرہ کا نظام، سرکاری عمارات، سڑکوں اور شاہراؤں کی تعمیر اور دیکھ بھال بھی شامل تھے۔(۲۵)

(ج) مجلس وکلاء

قیام عدل و انصاف کی خاطر مذکورہ مجالس کے علاوہ یورپی سلطنتوں کے اصول وضوابط کے مطابق ایک اور مجلس مقرر تھی، جو مجلس وکلا کے نام سے موسوم تھی۔ اس مجلس کے اراکین صدر اعظم (وزیر اعظم) شیخ الاسلام (مفتی اعظم) سرعسکر پاشا (Commander Inchief) ناظر بحریہ (وزیر بحریہ) ناظر داخلیہ (وزیر داخلہ) ناظر خارجیہ (وزیر خارجہ) ناظر اوقاف (وزیر امور اوقاف)، ناظر منافعہ (وزیر تجارت وصنعت وحرفت) ان میں سے پہلے دو شخص یعنی صدر اعظم اور شیخ الاسلام میر مجلس (بحیثیت صدر) اور باقی ارکان مجلس ہوا کرتے تھے۔ ہر رکن کے

فرائض جدا ہوتے تھے۔ یہ مجلس سلطنت کے جملہ پیش آمدہ داخلی اور خارجی امور کی تحقیقات کے لئے ہفتہ میں دو دفعہ اجلاس منعقد کرتی اور اس کی رپورٹ سلطان کو بھیجتی تھی۔ جس جگہ اس مجلس کا اجلاس ہوتا تھا، اس کا نام باب عالی (ادارۂ حکومت) تھا۔

اس مجلس کے اراکین کے دفاتر بھی اس باب عالی میں ہوتے تھے۔ جب صدر مجلس بحث و تمحیص اور تحقیقات کے بعد مذکورہ رپورٹ سلطان کے ہاں ہمایونی (دربارِ شاہی) میں بھیج دیتا تھا، تو وہاں کا باش کاتب (میر منشی) اس رپورٹ کے پڑھنے کے بعد اس کی تلخیص لکھ کر اصل رپورٹ کے ساتھ سلطان کے پاس پیش کرتا تھا۔ جب سلطان پورے غور و خوص کے ساتھ رپورٹ پر حکم یا رائے پیش کر کے دستخط کر لیتا، تو اسے مزید کاروائی کے لئے باب عالی کو واپس بھیجا جاتا تھا۔(۲۶)

(د) عدالت عالیہ واقع قسطنطنیہ

یہ عدالت قسطنطنیہ میں قائم تھی، اس عدالت کی دو شاخیں تھیں، پہلی شاخ سیشن کورٹ (Cession Court) جو دوایوانوں (دیوانی اور فوجداری) پر مشتمل تھی، یہ عدالت سیشن کی مرافعہ جات (Apeals) کا تصفیہ کرتی تھی۔ دوسری ہائی کورٹ آف اپیل تھی، جو تین ایوانوں (دیوانی، فوجداری اور تجارتی) پر مشتمل تھی۔ یہ عدالت تصفیہ شدہ امور پر باقاعدہ فیصلے کے ذریعے سے قطعی احکام نافذ کرتی تھی۔(۲۷)

ان مذکورہ جملہ دیوانی عدالتوں کی نوعیت دور حاضر کے برطانوی طرز کی دیوانی عدالتوں سے یکسر مختلف تھی۔ اس میں شبہ نہیں کہ خلافت عثمانیہ نے نہ صرف سلطنت کے طول و عرض میں یہ عدالتیں قائم کیں، بلکہ ان سے متعلقہ قوانین یورپی یونین سے ماخوذ اور رعایا کو بہتر طور پر انصاف رسانی کی خاطر ان میں اضافے اور اصلاحات بھی کیں جن کی بدولت ان کے دورس نتائج برآمد ہوئے۔

مذکورہ شرعی اور دیوانی عدالتوں کے علاوہ درج ذیل دو اور عدالتیں بھی تھیں،جن میں نہ صرف شرعی اور دیوانی نوعیت کے فیصل شدہ مقدمات پر اپیل کی سماعت ہوتی تھی بلکہ سلطنت کے دیگر عدالتوں کی طرح ابتدائی بھی تھیں۔

عدالت صدر اعظم (وزیر اعظم)

یہ دیوانی نوعیت کی تمام مقدمات کے لئے سب سے بڑی عدالت مرافعہ تھی، جس کا سربراہ صدر اعظم یعنی (وزیر اعظم) ہوتا تھا۔ یہ نہ صرف عدالت عالیہ تھی بلکہ سلطنت کی دوسری عدالتوں کی طرح عدالت ابتدائی بھی تھی، جہاں بلا تفریق امیر و غریب چھوٹے بڑے نوعیت کے زیادہ تر مقدمات کا تصفیہ ہوتا تھا۔ عام طور پر صدر اعظم خود فیصلے دیتا لیکن فرصت نہ ہونے کی صورت میں مقدمات کو کسی قاضی عسکر یا دوسرے جج کے سپرد کر دیتا اور ساتھ ہی فیصلہ جلد صادر کردینے کی تلقین بھی کی جاتی۔ (۲۸)

اس عدالت کی مثال ہمیں ادوار اسلامی میں قائم عدالت عالیہ وزارت عدل سے کم و بیش ملتی جلتی نظر آتی ہے جو سلطنت اسلامی کی ملک بھر میں دوسری بڑی عدالت ہوتی تھی، جس کا قاضی شعبہء قضا کا وزیر ہوتا تھا۔ دور صدیقی میں اس منصب کے امیر حضرت عمر فاروق ؓ تھے، جس کی تائید میں امام بیہقی کے الفاظ شاہد ہیں **لما ولی ابوبکر ولی عمر القضاء** (۲۹)۔ جس وقت ابوبکر صدیق ؓ خلیفہ ہوئے تو آپؓ نے قضاء حضرت عمر فاروق ؓ کے حوالے کیا، بلکہ حضرت عمر ؓ نے حضرت ابوبکر صدیق ؓ سے خود فرمایا، **انا اکفیک القضاء**. (۳۰) میں آپ کے لئے قضاء کا کام کروں گا اور آپؓ خلافت صدیقی بھر قضاء کا کام کرتے رہے۔(۳۱)

دیوان/ عدالت عالیہ سلطان

دیوان جسے سلطان کی عدالت العالیہ یا مجلس شوریٰ کہا جاتا تھا، حسب ذیل ارکان پر

مشتمل تھا، صدر اعظم اور اس کے ماتحت وزراء، شیخ الاسلام ، قاضی عسکر اناطولیہ، قاضی عسکر رومیلیا،بیلر بے اناطولیہ، بیلر بے رومیلیا، آغائے ینی چری، قپودان پاشا یعنی امیر البحر ، دفتر اور نشانچی۔ یہ سب حکومت کے مختلف شعبوں کے افسر اعلیٰ ہوتے تھے۔ دیوان سلطنت کی سب سے بڑی انتظامی مجلس کے ساتھ ساتھ عدالت العالیہ بھی تھا۔ اس کا اجلاس رمضان المبارک کے علاوہ سال بھر ہفتہ میں چار دن ہوا کرتا تھا۔ آغاز میں دیوان کی صدارت سلطان کرتا تھا۔ لیکن بعد میں سلاطین کے دیوان میں نہ آنے کی وجہ سے سارا کام صدر اعظم (وزیر اعظم) کے حوالے ہو گیا۔ چنانچہ اب مستقل طور پر دیوان کی صدارت اس کے حصے میں آ گئی اور اسی نسبت سے وہ تقریباً تمام ملکی، فوجی اور عدالتی اختیارات کا مالک ہو گیا۔(۳۲)

دیوان میں تمام ملکی امور پر غور وخوض ہوتا تھا۔ دیوان سلطنت عثمانیہ کی آخری عدالت عالیہ تھی، اس کے فیصلوں کے خلاف سماعت کہیں بھی نہیں ہو سکتی تھی۔ جنگ کے دوران دیوان کے تمام ارکان سلطان کے ساتھ رہتے تھے اور اس کا اجلاس ملک کے کسی حصے میں بھی کیا جا سکتا تھا۔(۳۳)

ایک حد تک عدالت دیوان کی نوعیت دور نبویؐ اور خلفائے راشدینؓ کی عدالت عالیہ مرافعہ امامت کبریٰ سے ملتی جلتی نظر آتی ہے، جو سلطنت اسلامی کی بڑی عدالت تھی، جس کا سب سے بڑا قاضی سلطنت اسلامی کا امام ہوتا تھا۔ (۳۴) جس کی وضاحت علامہ عینی نے **اولی الناس بالقضاء الخلیفه** (۳۵) کے الفاظ سے کی ہے۔لیکن فرائض و اختیارات اور مسئولیت کے لحاظ سے دونوں میں بہت فرق ہے۔

خلافت عثمانیہ میں منفرد نوعیت کی حامل ایک اور عدالت بھی تھی۔ جسے عیسائی مذہب کے پیروکاروں کے مقدمات چکانے کے لئے قائم کیا گیا تھا۔

عدالت بطریق اعظم قسطنطنیہ

بطریق اعظم عیسائی مذہب کا پیشوا اور سلطانی عہدہ دار ہوتا تھا۔ اس کے تحت ایک مذہبی مجلس ہوتی تھی۔ اس مجلس کے اراکین بشمول بطریق اعظم ایک عدالت تھی جس کا قاضی بطریق اعظم خود ہوتا تھا۔ اس عدالت کو مذہب اور انتظامی امور کے بارے میں پورے اختیارات حاصل تھے۔ یہ عدالت ایسے تمام مقدمات کا جن میں فریقین عیسائی ہوتے، تصفیہ کرتی تھی۔ اسے مجرموں کو جرمانے کرنے، قید کی سزا دینے اور سزائے موت دینے کا بھی اختیار حاصل تھا۔(۳۶)

اس عدالت کی مثال ہمیں سلاطین مملوک کے دور میں نظر آتی ہے، جہاں جن بڑے شہروں میں مختلف مذاہب کے لوگ رہتے تھے وہاں ہر مذہب کے پیروکاروں کے لئے دیوانی عدالتیں تھیں۔ شرعی عدالتیں قوانین اسلامی جبکہ دیوانی عدالتیں یورپ کے قوانین سے ماخوذ قوانین کے مطابق مقدمات کا تصفیہ کرتی تھیں۔ ان عدالتوں کے علاوہ ایک اور عدالت بھی تھی جو عیسائیوں کے مذہبی پیشوا بطریق اعظم کے نام سے موسوم تھی اور عیسائیوں کے نزاعات و خصومات طے کرتی تھی۔(۳۷)

یہ جملہ عدالتیں اپنے دائر کار کے تحت مقدمات کا تصفیہ کرتی تھیں لہٰذا اسی بنیاد پر عوام سے متعلقہ امور کے تصفیہ میں کسی بھی عدالت کی طرف سے کوئی تساہل و تغافل نہیں برتا جاتا تھا اور ہر شہری بلا روک وٹوک عدالت کی طرف رجوع کر کے انصاف حاصل کر سکتا تھا، بقول لی بایر۔ (Lye Byer) ایک حد تک خلافت عثمانیہ کی عدالتیں بہت قابل تعریف تھیں اس لئے کہ مقدمہ کے ہر فریق کو فیصلے کے انتظار کی تکلیف کم برداشت کرنی پڑتی تھی۔ مقدمات فی الفور اور صاف و سادہ الفاظ میں طے کئے جاتے تھے۔ عدالتوں میں فقہ حنفی پر عمل ہوتا تھا۔(۳۸)

☆☆☆☆☆

حواشی

۱۔ نجیب آبادی، اکبر شاہ (مولانا)، تاریخ اسلام، ج ۳، ص ۳۱۴۔۳۱۵، نفیس اکیڈمی، اسٹریچن روڈ کراچی (۱۹۷۹ء)

۲۔ محمد عزیز (ڈاکٹر)، دولت عثمانیہ، ج ۱، ص۔۹، نیشنل بک فاؤنڈیشن اسلام آباد (۱۹۵۷)

۳۔ نجیب آبادی، اکبر شاہ (مولانا) تاریخ اسلام، ج ۳، ص ۳۱۷۔۳۱۸

۴۔ Encyclopedia of Americana, Vol.21, p-21, Osman (1299-1326) Grolier Incorporated Damburg (1983)

۵۔ محمد عزیز، (ڈاکٹر)، دولت عثمانیہ، ج ۱، ص ۵۔۱۱

۶۔ خان، محمد انشاء اللہ (مولوی) ترکوں کی موجودہ ترقیات اور اسلامی دنیا کا فوٹو (حصہ اول)۔ ص ۱۳۲۔۱۳۳ حمیدیہ سٹیم پریس لاہور (۱۹۷۴ء)

۷۔ ایضاً، ص ۱۳۲۔۱۳۳

۸۔ ابن حیان، محمد بن خلف، نظام الحکومتہ النبویہ المسمیٰ التراتیب الاداریہ، ج ۱، ص ۲۴۰ بیروت، لبنان۔

۹۔ دلاژون کیئر، تاریخ دولت عثمانیہ، ج ۲، ص ۶۰۷، دار الطبع جامعہ عثمانیہ دکن حیدر آباد، انڈیا ۱۳۷۵ھ/ ۱۹۳۹ء)

۱۰۔ البیہقی، احمد بن الحسین بن علی، السنن الکبریٰ، ج ۱۰، ص ۸۶، نشر السنہ، ملتان، پاکستان (ت ن)

۱۱۔ خان، محمد انشاء اللہ (مولوی) ترکوں کی موجودہ ترقیات اور اسلامی دنیا کا فوٹو (حصہ اول)۔ ص ۱۲۲۔۱۲۳۔

۱۲۔ اسٹینلے لین پول، سلاطین ترکیہ، ص ۳۶۲، ایچ ایم سعید کمپنی، ادب منزل پاکستان چوک، کراچی (۱۹۷۰ء)

۱۳۔ Donzel, E-van, Encyclopedia of Islam, Vol: iv, pp-376-737 Leiden, E.J. Bril)1978)

۱۴۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج/، ص ۔۴۵۔۴۶ زیر اہتمام دانش گاہ پنجاب لاہور (۱۳۸۸ھ/۱۹۴۹ء)

۱۵۔ Donzel, E-van, Encyclopedia of Islam, Vol: iv, P-376.

۱۶۔ Barners Johan Robert, An Introduction to Religious Foundation in the Ottoman Empirer, E.J. Brill Leiden PP-103-104, (1986),

۱۷۔ اسٹینلے لین پول، سلاطین ترکیہ، ص ۵۲۶،

۱۸۔ محمد صابر (ڈاکٹر)، ترکانِ عثمانی (امیر عثمانی غازی۔ سلطان بایزید ثانی یلدرم) ص ۱۹۰۔۱۹۱، کراچی یونیورسٹی (پاکستان)

۱۹۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج ۱۱، ص ۸۶۰

۲۰۔ The office of the Sheikh-ul-Islam is the ministry of affairs of peity, the complete administration of religious affairs should be given in this sublime office, Niyazi, Berkers, Turkish Natiunalism and Western civilizelion PP-210-213 Collumbia University, New York. (1959)

۲۱۔ دلاڑوں کیئر، تاریک دولت عثمانیہ، ج ۲، ص ۶۰۷

۲۲۔ ایضا، ج ۲۔ ص۔ ۶۰۸

۲۳۔ پیاسٹر، سلطنت عثمانیہ میں اکی (Akee) قرص (Kurs) اور کئی دوسرے سکے غیر ملکی ناموں پر جاری تھے، ان میں سے قرص جو کئی دینار کے برابر ہوتا تھا، کا استعمال سب سے پہلے ۱۰۹۹ء میں ہونے لگا، اس طرح پیاسٹر اس دور کا مروج سکہ تھا۔

Hamilton, Gibb, Islamic Society and the West Vol: II, PP 49-53, Oxford, University Press, London. (1967)

۲۴۔ خان، محمد انشاء اللہ (مولوی) ترکوں کی موجودہ ترقیات اور اسلامی دنیا کا فوٹو (حصہ اول)۔ص۔۱۳۷

۲۵۔ ایضاً، ص ۱۳۸۔

۲۶۔ ایضاً، ص ۔ ۱۲۷۔۱۲۸۔

۲۷۔ دلاژوں کیئر، تاریک دولت عثمانیہ، ج ۲، ص ۳۷۶

۲۸۔ محمد عزیز (ڈاکٹر)، دولت عثمانیہ، ج ۲، ص ۳۷۶۔

۲۹۔ البیہقی، احمد بن الحسین بن علی، السنن الکبریٰ، ج ۱۰، ص ۲۶، دار المعارف العثمانیہ، حیدر آباد دکن۔

۳۰۔ الطبریٰ، ابی محمد بن جریر، التاریخ، ج ۔۲، ص ۴۱۷، مطبع الحسینیہ، مصر۔

۳۱۔ ابن الاثیر، علی بن مجاد بن مکرم، الکامل فی التاریخ، ج ۲، ص ۳۶۰، بولاق، مصر (۱۲۷۴ھ)

۳۲۔ محمد صابر (ڈاکٹر) ترکانِ عثمانی (امیر عثمان غازی۔ سلطان بایزید ثانی یلدرم)، ج ۱، ص ۱۳۲، ۱۷۴، ۱۷۶، ۱۷۷

۳۳۔ ایضاً، ۱۷۳، ۱۷۴، ۱۷۶، ۱۷۷

۳۴۔ امام سے مراد نیابتی فرائض انجام دینے والی ہستی ہے، الحسینی، ابو البقاء، کلیات العلوم، ص ۔۱۲۹، طبع آستانہ استنبول (۱۲۸۷ھ)

۳۵۔ العینی، بدر الدین، عمدۃ القاری، ج ۶۔۴۱۱، دار حیاء التراث البیروت لبنان (۱۳۴۸ھ)

۳۶۔ برنرڈین کیلتی، فتح قسطنطنیہ، ص ۲۶۰ لاہور اکیڈمی، لاہور (۱۹۶۲)

۳۷۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج ۱۶/۱، ص ۴۴، دانش گاہ پنجاب، لاہور

۳۸۔ Lye Byer Ah, The Government of the Othoman Empire in the Time of Suleman the Magnificent P-22, London.

Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 29, Sr. No.73, 2008, pp 41 - 50

تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۲۹، عدد ۱-۴، شمارہ ۷۳، ۲۰۰۸ء

جدید فارسی شاعری میں ہیئت کی تبدیلیاں

ڈاکٹر محمد ناصر☆

Abstract

The classical Persian literature holds a significant place in world literature. Some great and renowned Persian poets and scholars have always eniched the the cultural heritage of the human history. Moreover it could be claimed that history of the world literature remains incomplete without mentioning the services rendered by Persian poets and writers. Although Iran was known for its rich cultural heritage even before the advent of Isalm but for sure it became the identity of great Muslim culture and civilization in Islamic age. Persian's connection with the sub-continent does not need any sort of introduction. This utmost sweet language has been our official, cultural and literary language for centuries. In 20th century some radical structrual changes occured in Persian poetry and changed its face completely. In this article, these changes have been discussed and critically evaluated.

بین الاقوامی ادب میں کلاسیکی فارسی ادب مسلمہ اہمیت کا حامل ہے۔ آسمان ادب پر فارسی کے نامور شاعر اور ادیب روشن ستاروں کی طرح ہمیشہ جگمگاتے رہے ہیں، بلکہ یہ کہنا بجا ہوگا

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ فارسی، اورینٹل کالج، جامعہ پنجاب، لاہور

کہ تاریخ ادب فارسی شعر وسخن کے ذکر کے بغیر ادھوری ہے۔ظہور اسلام سے پہلے بھی ایران اپنی غنی ثقافت اور عظیم تہذیب وتمدّن کی وجہ سے جانا جاتا تھا،لیکن اسلامی عہد میں ایرانی علما، فضلا،شعرا اور ادبا نے ایسے شاہپارے تخلیق کیے جو عظیم اسلامی تہذیب کی پہچان بنے۔ برصغیر کا فارسی کے ساتھ تعلّق کسی تعارف کا محتاج نہیں، یہ میٹھی اور کانوں میں رس گھولتی زبان صدیوں تک، بلکہ تمام اسلامی عہد میں ہماری سرکاری، ادبی اور تہذیبی زبان اور اس سے بڑھ کر ثقافتی شناخت رہی ہے۔ گذشتہ صدی کے اوایل اور وسط میں فارسی شاعری میں غیر معمولی بلکہ انقلابی تبدیلیاں وقوع پذیر ہوئیں،اور فارسی شاعری کا نیا روپ سامنے آیا۔ ذیل کے مقالے میں انھی تبدیلیوں کا تحقیقی وتنقیدی جایزہ پیش کیا گیا ہے۔

پس منظر:

کلاسیکی فارسی شاعری نے اپنی غیر معمولی دلکشی اور رعنائی کے باعث تقریباً ایک ہزار برس تک عوام وخواص کو مسحور کیے رکھا۔شاہنامہ خوان ابو القاسم فردوسی طوسی (۳۳۱-۴۱۱ ھ ق)، پیر گنجہ نظامی گنجوی (۵۴۰-۶۰۲ ھ ق)،معلّم اخلاق شیخ سعدی شیرازی (۶۰۶-۶۹۱ ھ ق)، خداوند سخن مولانا جلال الدین رومی (۶۰۴-۶۷۲ ھ ق) اور لسان الغیب خواجہ حافظ شیرازی (۷۲۶-۷۹۲ ھ ق) کے اشعار اور ادبی آثار آج بھی علم و ادب کا بے بدل اثاثہ تصور کیے جاتے ہیں۔ اس بنا پر قدیم اسالیب اور اصنافِ سخن سے صرف نظر اور کلاسیکی ادبی روایات سے انحراف آسان نہ تھا۔ دوسری طرف عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگی ایک ایسا ادبی تقاضا تھا، جسے نظر انداز کرنا گویا فارسی شاعری کو ہوا کے تازہ جھونکوں سے محروم کرنا تھا۔

دورۂ مشروطیت کے نامور شعرا مثلاً ایرج میرزا (۱۸۷۵-۱۹۲۵ء)،میرزادہ عشقی (۱۸۹۳-۱۹۲۴ء)، ملک الشعرا علامہ محمد تقی بہار (۱۸۸۶-۱۹۵۱ء)، پروین اعتصامی (۱۹۰۷-۱۹۴۱ء) اور سیّد اشرف نسیم شمال (وفات: ۱۹۳۴ء) نے اگرچہ فارسی شاعری میں نت نئے موضوعات داخل کیے لیکن وہ کلاسیکی اصناف سخن اور مسلمہ عروضی قواعد سے دامن نہ

چھڑا سکے، چونکہ کلاسیکی اوزان اور قافیے کی پابندیوں سے نجات شاعری کے بنیادی اصولوں کو پس پشت ڈالنے کے برابر تھا۔ اسی عہد میں تقی رفعت (۱۸۸۹ـ۱۹۲۰ء)، جس نے ترکی میں تعلیم حاصل کی تھی اور فارسی کے علاوہ ترکی اور فرانسیسی زبانوں پر بھی عبور رکھتا تھا، نے فارسی شاعری میں ہیئت کی تبدیلیوں کی طرف ناقدین کی توجہ مبذول کروائی۔ تقی رفعت کو جیّد علما، جن میں ملک الشعرا بہار پیش پیش تھے، کے شدید مخالفانہ ردعمل کا سامنا کرنا پڑا۔ (۱) لیکن تقی رفعت نے محض اکتیس سال کی عمر میں ۱۹۱۰ء میں خودکشی کر لی اور یہ جدت پسند شاعر فراموشی کی دھول میں نگاہوں سے اوجھل ہو گیا (۲)۔

لیکن تقی رفعت کو پہلا جدت پسند شاعر قرار نہیں دیا جا سکتا کیونکہ تقریباً ایک عشرہ پہلے ۱۸۹۹ء میں ابو القاسم لاہوتی (۱۸۸۵ـ۱۹۵۷ء) وفای بہ عہد، کے زیرِ عنوان ایک دلکش نظم کہہ چکا تھا (۳) لاہوتی بھی بنیادی طور پر ایک جنگجو انقلابی تھا، وہ ۱۹۱۰ء میں روس چلا گیا اور باقی زندگی دیارِ غربت میں بسر کر دی۔

لاہوتی سے بھی کچھ عرصہ قبل آذربائی جان کا ایک جواں سال شاعر جعفر خامنہ ای (ولادت: ۱۸۸۷ء) معمول کے ادبی قواعد سے ہٹ کر شعر کہہ چکا تھا، جس کا ذکر ایڈورڈ براؤن کے ہاں ملتا ہے۔(۴) علاوہ ازیں شمس کسمائی (۱۸۸۳ـ۱۹۶۳ء) بھی ایک ایسی شاعرہ ہے جس نے کلاسیکی اسلوب سے انحراف کرتے ہوئے چند نظمیں کہیں (۵)۔

مجموعی طور پر کہا جا سکتا ہے کہ یہ تمام تجربات فارسی شاعری میں کسی نئے باب کا اضافہ نہیں کر پائے چونکہ مذکورہ شعرا میں سے کوئی ایک بھی اپنے نظریات کا دفاع تو ایک طرف، اپنے تصورات کو ٹھیک طرح سے پیش بھی نہیں کر پایا۔ اسی دوران علی اسفند یاری، جسے آج ہم نیما یوشیج (۱۸۹۷ـ۱۹۵۹ء) کے نام سے جانتے ہیں، مازندران کے جنگلوں میں جدید فارسی شاعری کے اصول و ضوابط مرتب کرنے میں مشغول تھا۔ نیما کی پہلی نظم ''افسانہ'' ۱۹۲۲ء میں شائع ہوئی، اور ناقدین نے اسے 'جدید فارسی شاعری کا جنم دن' قرار دیا ہے۔(۶) افسانہ

میں اسلوب اور موضوع ہر دو اعتبار سے تازگی پائی جاتی ہے۔نیما عروضی قواعد سے دامن چھڑانے کی کوشش میں رائج اوزان ہی میں پناہ ڈھونڈتا دکھائی دیتا ہے۔لیکن یہ وزن بے حد سادہ اور قلبی احساسات کی ترجمانی کے لیے بے حد موزوں ہے۔ نیما کے تجربات جاری رہے، جن کا حاصل ققنوس کی صورت میں ۱۹۳۷ء میں سامنے آیا جو درحقیقت نیما کی پہلی آزاد نظم ہے ۔ یہی اسلوب بعد ازاں سبک نیمائی کے نام سے مشہور ہوا۔ افسانہ سے ققنوس تک کا سفر نیما کے ارتقا کا سفر ہے۔

پس کہا جا سکتا ہے کہ اگرچہ ابو القاسم لاہوتی نے سب سے پہلے آزاد نظم کہی ،تقی رفعت نے جدید شاعری کی بنیاد رکھنے کی ابتدائی کوششیں کیں، جعفر خامنہ ای اور شمس کسمائی بھی اپنی حد تک جدت پسندی کے حوالے سے کام کرتے رہے۔ میرزادہ عشقی نے 'سہ تابلو' کہ کر نیا راستہ دکھایا، ڈاکٹر محمد مقدم (ولادت:۱۹۰۸ء) نے اپنا کردار ادا کیا لیکن جدید شاعری کا باوا آدم اور حقیقی بانی نیما یوشیج ہی ہے۔خود اس کے بقول ''ممتاز شخصیات کے توسط سے منظر عام پر آنے والے اسالیب ونظریات دراصل غیر معروف افراد کی کوششوں کا حاصل ہوتے ہیں''۔(۷)

ہیئت کی تبدیلیاں:

نیما نے وہ کارنامہ انجام دیا جس کی نظیر فارسی شاعری کی ہزار سالہ تاریخ میں نہیں ملتی۔ کلاسیکی قوالب اپنی مسحور کن دلکشی کے باوجود عصر حاضر کے مسائل کو اپنے اندر سمونے سے قاصر تھے۔ سیاسی ، سماجی ، ثقافتی ،تہذیبی ،تمدنی تحولات کے نتیجے میں شعر و ادب کا تبدیلیوں سے ہمکنار ہونا ایک لازمی امر تھا، نیما نے خوب سوچ بچار کے بعد میدانِ عمل میں قدم رکھا۔ ابتدا میں ادبی نقادوں ،ممتاز شاعروں اور معروف ادیبوں نے نیمائی اسلوب کا مضحکہ اڑایا اور اسے استہزائی نظر سے دیکھا،لیکن نیما نے شجاعت و متانت سے ان کا مقابلہ کیا۔ چونکہ وہ ایک نئے ادبی نظریے کے دفاع کے لیے تمام تر تیاری کے ساتھ سامنے آیا تھا۔

نیما نے فارسی شاعری میں دو بنیادی تبدیلیاں تجویز کیں۔ وہ فارسی شاعری کے آہنگ

میں تبدیلی اور اس کی زبان کو نثر سے نزدیک لانے کا آرزومند تھا۔(۸) جوانی کے دنوں ہی سے اس کی خواہش تھی کہ شاعری اور نثر کے درمیان فاصلے کو ممکن حد تک کم کر دے۔(۹) بعض ناقدین کا خیال ہے کہ نیمائی اسلوب میں موسیقیت موجود نہیں جبکہ نیما کے بقول ''ایسے حضرات کلاسیکی آہنگ کے عادی اور اپنی اسی عادت کے اسیر ہیں، لیکن میں محض عروضی موسیقیت پر انحصار کی بجائے زبان و بیان کی فطری موسیقیت کو اجاگر کرنا چاہتا ہوں''۔(۱۰)

آیئے، ذیل میں جدید فارسی شاعری میں ہیئت کی تبدیلیوں کا جائزہ لیتے ہیں:

چھوٹے بڑے مصرعے:

جدید فارسی شاعری میں چھوٹے بڑے مصرعے سب سے پہلے ہماری توجہ اپنی طرف مبذول کرتے ہیں۔ نیما نے درحقیقت فارسی شاعری میں ایک نیا علم عروض متعارف کروایا، جسے نیمائی عروض یا آزاد عروض کہنا زیادہ مناسب ہوگا۔ کلاسیکی عروض کی رو سے شاعر پہلا مصرعہ کہنے کے بعد مثنوی، غزل یا قصیدے کے تمام مصرعوں کو اسی وزن کی رعایت سے کہنے پر مجبور تھا۔ جبکہ نیمائی عروض کے قواعد کے مطابق شاعر اپنی ضرورت کے مطابق مصرعوں کو چھوٹا بڑا کرنے میں صاحبِ اختیار ہے۔ گویا نیمائی عروض میں مصرعوں کی لمبائی قواعد کی پابند نہیں بلکہ حسب ضرورت ہوتی ہے۔ جب شاعر اپنا مفہوم بیان کر دیتا ہے تو محض خانہ پُری کے لیے اضافی الفاظ و کلمات استعمال نہیں کرتا اور اپنی سہولت کے مطابق مصرعے کو مختصر کر دیتا ہے اور اسی نیمائی اصول کے پیش نظر اگر اسے احساس ہو کہ مصرعہ بظاہر مکمل ہونے کے باوجود مفہوم نامکمل اور ناقص ہے، تو وہ مفہوم کو وزن پر قربان کرنے کی بجائے مصرعے کو طول دے دیتا ہے۔ یاد رہے کہ کلاسیکی اسلوب کی رُو سے شاعر کسی بھی حالت میں مصرعے کو مختصر یا طویل کرنے کا حق نہیں رکھتا تھا۔

کلاسیکی عروض میں اوزان کی تعداد محدود تھی، جبکہ نیما نے انہیں لا محدود بنا دیا اور بقول شفیعی کدکنی ''یہ فارسی ادب کی تاریخ کا اہم ترین قدم اور کامیاب ترین تجربہ تھا''۔(۱۱)

نیمائی عروض میں ممکن ہے آپ کو ایک ہی نظم میں ایک سے زائد اوزان بھی دکھائی دیں۔ چونکہ شاعر کو موقع اور مناسبت سے وزن کی تبدیلی کا اختیار بھی حاصل ہے۔ نیما کے مطابق وزن کسی ایک مصرع یا شعر کا حاصل نہیں، بلکہ چند مصرعے یا چند اشعار باہم وزن تخلیق کرتے ہیں۔(۱۲) کلاسیکی اسلوب میں مصرع یا شعر ہی وزن کا معیار ہوا کرتے تھے، جبکہ نیما کی کوشش ہے کہ ایک مصرعے کی جگہ پوری نظم کو موسیقی و آہنگ عطا کرے۔ مصرعوں کے اختصار و طوالت کی کی بنیادی وجہ بھی یہی ہے۔ ان سب کے باوجود نیمائی شاعری موزوں بھی ہے اور قابلِ تقطیع بھی۔ اس کا دعویٰ ہے کہ اس بے نظمی میں بھی ایک طرح کا نظم و ضبط موجود ہے۔(۱۳) بیسویں صدی کے عظیم افسانہ نگار جلال آل احمد (۱۹۲۳-۱۹۶۹ء) اور جدید فارسی شاعری کا فخر مہدی اخوان ثالث (۱۹۲۸-۱۹۹۰ء) نیما کے اس دعویٰ کے بڑے مدافع ہیں۔(۱۴) جن کے بقول نیمائی اسلوب، قدیم عروض کی منطقی وسعت و اس کے ارتقا کا حاصل ہے، جو نہ صرف قدیم اوزان کو شاعر کے سپرد کر دیتا ہے، بلکہ شعری اوزان کی لامحدود تعداد اُس کے اختیار میں دے دیتا ہے۔ یہ لامتناہی اوزان جدید فارسی شاعری پر نیما کا لازوال احسان ہیں۔ اوزان کی آزادی اور مصرعوں کے چھوٹے بڑے ہونے نے شعرا کی کثیر تعداد کو نیمائی اسلوب کی طرف مائل کیا، لیکن حقیقت یہ ہے کہ محض چند شعرا کے علاوہ اکثریت نے نیما کے نظریات کو جانے بغیر اس کے انداز کو اپنایا اور نیمائی عروض کی اساس کو سمجھ نہیں پائے۔ جبکہ بعض معروف شعرا نے نیمائی اسلوب میں مزید اضافے کیے، مثلاً احمد شاملو (۱۹۲۵-۲۰۰۰ء) نے آغاز میں نیمائی عروض کی پیروی کی لیکن جلد ہی ہجائی اوزان میں شعر کہنا شروع کر دیے۔ اسی طرح فروغ فرخزاد (۱۹۳۴-۱۹۶۶ء)، سہراب سپہری (۱۹۲۸-۱۹۸۰ء) اور م. آزاد (۱۹۳۳-۲۰۰۵ء) کی کچھ نظمیں تو ہر اعتبار سے نیمائی عروض پر پورا اترتی ہیں، لیکن انھوں نے اس اسلوب سے انحراف بھی کیا ہے۔ البتہ مہدی اخوان ثالث (م۔امید) کو باآسانی نیمائی اسلوب کا ممتاز ترین شاعر قرار دیا جا سکتا ہے۔

قافیہ:

کلاسیکی شاعری میں قافیے کے بغیر شعر کا تصور بھی محال تھا۔ نیما نے قافیہ کے بارے میں بھی دلچسپ نظریہ پیش کیا ہے۔ نیمائی عروض میں چند سطریں یا مصرعے مل کر ایک نظم کو تشکیل دیتے ہیں، یہاں تک کہ نیمائی اسلوب میں کسی ایک نظم کے مصرعوں کی تعداد کو بھی معین نہیں کیا جاسکتا، لیکن اس کے باوجود نیمائی شاعری مقفیٰ ہے، البتہ" قافیہ مفہوم کے مکمل ہونے کی گھنٹی ہے"۔ (۱۵)اس لیے اسے بات کے اختتام پر ہی آنا چاہیے۔ پس نیمائی عروض میں شاعر قافیہ کے استعمال میں کہیں زیادہ آزاد ہے۔ ایسا نہیں کہ نیما قافیہ کی بے پناہ اہمیت سے ناواقف ہو، وہ صریحاً کہتا ہے کہ" قافیے کے بغیر شاعری کیا ہے؟ محض ایک بلبلہ جو اندر سے خالی ہے۔ قافیہ کے بغیر شاعری تو اس انسان کی مانند ہے جس کا بدن ہڈیوں کے بغیر ہو، نیز اس گھر کی طرح سے ہے جس میں چھت ہو نہ دروازہ"۔ (۱۶)

نیمائی اسلوب نے کلاسیکی شاعری کی بہت سی مشکلات کو کم کرتے ہوئے اسے حقیقت وفطرت سے نزدیکتر کر دیا ہے، نیما کا ہدف یہ ہے کہ شعر تمامتر خلوص و جذبے کے ساتھ قاری کو منتقل ہو۔ اگر اس کوشش میں وزن و قافیہ کی کلاسیکی قیود کو قربان کرنا بھی پڑے تو اس میں کوئی حرج نہیں چونکہ قاری شاعر سے شاعری کی توقع رکھتا ہے، نہ کہ قافیہ بندی کی۔

زبان و بیان:

جدید فارسی شاعری میں ایک بے حد اہم تبدیلی زبان و بیان کی ہے۔ جدید شاعری کی زبان روز مرہ کی زبان ہے۔ یہ اس عہد کی زبان ہے جس میں ہم زندہ ہیں۔ نیما قدیم کلاسیکی و ادبی زبان سے گریزاں تھا۔ وہ شعر کو نثر سے نزدیکتر لا کر اسے نثری حسن عطا کرنا چاہتا تھا۔(۱۷) یہ شاعری میں ایک نیا تجربہ تھا، جس کی مثال فارسی شاعری کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ نیما کے بعد مہدی اخوان ثالث اور احمد شاملو نے بھی زبان کی نثری دلکشی کو برقرار رکھا لیکن فروغ فرخزاد اور سہراب سپہری تو اسے روزمرہ زبان کی سادہ ترین صورت میں لے آئے۔

جدید شعرا نے ترکیب سازی میں بھی قدما کی تقلید کو مناسب نہیں جانا بلکہ اس میدان میں بھی نئے تجربات کیے۔ مثلاً جدید شاعری میں ادات تشبیہ و تعلیل (مثلاً مانند، چون، مثل، چنان، چنین، ہمچون ...) کا استعمال غیر معمولی حد تک کم ہو گیا اور تشبیہ بلیغ و استعارہ مکنیہ کو بے حد رواج حاصل ہوا۔ علاوہ ازیں تجسیم (تشخیص) کا استعمال بھی بڑھ گیا۔

دستور زبان سے انحراف:

جدید شاعری میں ایسی تراکیب بھی دکھائی دیتی ہیں جن کی مثال کلاسیکی شاعری میں استثنائی صورتوں کے علاوہ ڈھونڈھنا مشکل ہے۔ جدید شعرا نے تصرف و انحراف کے راستے پر چلتے ہوئے دستور زبان کے مسلّمہ اصولوں کو پس پشت ڈال دیا ہے۔ بقول پورنامداریان ''جدید شعرا شعر کی ظاہری ہیئت کو بدلنے کے ساتھ ساتھ اسے کلاسیکی زبان کی قید سے بھی رہائی دلانا چاہتے ہیں''۔(۱۸) ان تصرفات و انحراف میں صفت و موصوف کے درمیان فاصلہ، مشدّد الفاظ کو غیر مشدّد بیان کرنا، صفت کو اسم کا جانشین بنانا، تخفیف کلمات، واو عطف کا کثرت سے بلاضرورت استعمال و افعال معین کو پس و پیش کرنا قابل ذکر ہیں۔(۱۹)

مختصر یہ کہ ان انقلابی تبدیلیوں نے فارسی شاعری کا رنگ و روپ ہی بدل کے رکھ دیا۔ پہلے پہل کلاسیکی شاعری کے دلدادہ اور اس کے سحر میں گرفتار شاعروں، ادیبوں اور دانشوروں نے نیمائی اسلوب کا خوب مذاق اڑایا اور اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا، لیکن منطقی ہونے کی بنا پر یہ نیا انداز تیزی سے مقبول ہوتا چلا گیا، بالخصوص نوجوان شعرا نے اسے دل و جان سے اپنا لیا۔ نیمائی اسلوب کو مہدی اخوان ثالث (م۔امید)، فروغ فرخ زاد، سہراب سپہری اور احمد شاملو جیسے عظیم شعرا میسر آئے، اور یوں بیسویں صدی نیمائی اسلوب کی صدی قرار پائی۔ آج کلاسیکی اور جدید اسالیب ایک دوسرے کی اہمیّت و افادیت کو تسلیم کرتے ہوئے پہلو بہ پہلو آگے بڑھ رہے ہیں، اور ایسے شعرا کی تعداد بھی کم نہیں جو ہر دو انداز میں طبع آزمائی کرتے ہیں۔

حواشی

۱۔ مزید وضاحت کے لیے دیکھیے: آرین پور، یحیٰی، (۱۹۹۷ء) از صبا تا نیما، جلد دوم، صص ۴۳۶-۴۴۵، انتشارات زوّار، تہران.

۲۔ لنگرودی، شمس، (۱۹۹۹ء) تاریخ تحلیلی شعر نو، جلد اول، ص ۵۲، نشر مرکز، تہران.تقی رفعت کا نمونہ کلام ملاحظہ فرمایئے: آرین پور، یحیٰی، (۱۹۹۷ء) از صبا تا نیما، جلد دوم، ص ۴۵۵.

۳۔ لنگرودی، شمس، (۱۹۹۹ء) تاریخ تحلیلی شعر نو، جلد اول، ص ۴۹.

4. Brown.E.G,(1914) The Press and Poetry of Modern Persia, Cambridge, UK.

۵۔ آرین پور، یحیٰی، (۱۹۹۷ء) از صبا تا نیما، جلد دوم، ۴۴۵-۴۴۸.
نیز دیکھیے: لنگرودی، شمس، (۱۹۹۹ء) تاریخ تحلیلی شعر نو، جلد اول، ص ۵.

۶۔ آرین پور، یحیٰی، (۱۹۹۷ء) از صبا تا نیما، جلد دوم، ص ۴۷۱.

۷۔ نیما یوشیج، (۱۹۷۴ء)، ارزش احساسات، ص۹۴، تہران.

۸۔ نیما یوشیج، (۱۹۹۲ء)، یادداشتہا و مجموعہ اندیشہ، ص ۱۴۸، تہران.

۹۔ نیما یوشیج، (۱۹۷۲ء) حرف ہای ہمسایہ، ص۵۱، تہران.

۱۰۔ نیما یوشیج، (۱۹۸۹ء) در بارۂ شعر و شاعری، (از مجموعۂ آثار نیما یوشیج)، بہ کوشش سیروس طاہباز، ص ۸۱، دفترہای زمانہ، تہران.

۱۱۔ شفیعی کدکنی، محمد رضا، (۱۹۹۹ء) ادبیات فارسی (از عصر جامی تا روزگار ما)، ترجمۂ حجت اللہ اصیل، ص ۹۵، نشرنی، تہران.

۱۲۔ نیما یوشیج، (۱۹۸۹ء) در بارۂ شعر و شاعری، ص ۸۹.

۱۳۔ ایضاً، ص ۲۷۶.

۱۴۔ ایضاً، ص ۸۹.

۱۵۔ ملاحظہ فرمایئے: آل احمد، جلال، (۱۹۹۷ء) نیما چشم جلال بود، ص ۲۴، انتشارات کتاب سیامک، تہران.

اخوان ثالث، مہدی، (۱۹۹۷ء)، بدعت ہا و بدایع نیما یوشیج، انتشارات زمستان، تہران.

اخوان ثالث، مہدی، (۱۹۹۷ء)، عطا و لقای نیما یوشیج، انتشارات زمستان، تہران.

۱۶۔ ایضا، آل احمد، جلال، (۱۹۹۷ء)، ص ۱۰۶.

۱۷۔ نیما یوشیج، (۱۹۹۲ء)، تعریف و تبصرہ، ص ۱۰۹، انتشارات امیر کبیر، تہران.

۱۸۔ پور نامداریان، تقی، (۱۹۹۸ء)، خانہ ام ابری است، ص ۱۴۰، انتشارات سروش، تہران.

۱۹۔ مثالوں کے لیے ملاحظہ کیجیے: پورنامداریان، تقی، (۱۹۹۸ء)، صص ۱۳۳-۱۹۳.

Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 29, Sr. No.73, 2008, pp 51 - 60

تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۲۹، عدد ۱-۴، شمارہ ۷۳، ۲۰۰۸ء

کشمیر — آزادی سے غلامی تک

خواجہ زاہد عزیز ☆

Abstract

Emperor Ashoka was the first who occupied Kashmir and then introduced Buddhism there. The decline of Buddhism resulted in rampant tyranny and atrocity in the territory but soon recovered from this evil under the rule of Lalitaditya(697-733 AD) and Chak Dynasty(1585A.D). Unluckily, in 1586, Kashmir came under Mughal domination due to religious bigotry and Chak's tyranny. The Mughal occupation of the territory lasted till the beginning of Sikh rule. Maharaja Gulab Singh purchased Kashmir in 1846 from the East India Company through a deal. With the end of British rule in 1947, the Dogra rule also ended but again the Kashmiri were denied of self rule. Kashmir was affiliated to India through a conspiracy hatched by the British and the Hindu, and till day Kashmiris are striving for their liberation.

سرزمین کشمیر جس طرح دنیا میں اپنی خوبصورتی کے لحاظ سے ممتاز ہے۔ اسی طرح اس میں بسنے والی قوم بھی اپنی خصوصیات کے حوالے سے منفرد ہے۔ جنگ کا میدان ہو یا امن کا زمانہ،

☆ لیکچرار، شعبہ کشمیریات، اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

اس سرزمین کے باشندوں نے اپنی عظمت کے پرچم بلند کئے اور عالمگیر شہرت پائی۔ کشمیر صدیوں سے ایک آزاد ملک رہا ہے اور اس نے ہمیشہ اپنی وحدت اور سالمیت کو برقرار رکھا ہے۔ سکندر اعظم جو کہ ایک عظیم فاتح تھا اور جس کی مملکت میں نہ صرف مقدونیہ، ایشیائے کوچک، مصر، عراق، ایران اور دریائے آمو کے شمال میں بلخ تک کے علاقے شامل تھے بلکہ افغانستان، پنجاب اور سندھ کے علاقے بھی اُسی کی مملکت کا حصہ تھے لیکن کشمیر اپنی آزاد حیثیت سے اپنی جگہ موجود تھا، اُس عظیم بادشاہ کی مملکت میں شامل نہیں تھا اور اُس نے اپنی انفرادیت کو برقرار رکھا ہوا تھا۔(۱)

شہنشاہ داریوش نے ۵۰۰ قبل مسیح میں گندھارا اور سندھ کے سارے علاقے پر قبضہ کرنے کے بعد اپنی سلطنت کو ۲۰ صوبوں میں تقسیم کر لیا تھا۔ ان میں سے تین صوبے وادی سندھ سے تعلق رکھتے تھے۔ شہنشاہ داریوش کے اس سارے انتظام میں کشمیر کا ذکر کہیں بھی نہیں آتا ہے، کیونکہ وہ ایک آزاد مملکت کی حیثیت سے اپنی جگہ موجود تھی۔(۲)

کشمیر جنت نظیر اپنی رنگینی و رعنائی کی بدولت انتہائی دلکش سمجھا جاتا ہے۔ کشمیر کی تاریخ پر سنسکرت، فارسی، انگریزی، اردو اور کشمیری زبان میں تسلسل کے ساتھ کتابیں لکھی جا چکی ہیں اور یہ ایک ایسا خطہ ہے جسے اپنی ہزاروں سال پر محیط مکتوب تاریخ پر فخر ہے۔

کشمیر ہزاروں سال سے ایک آزاد ملک کی حیثیت سے دنیا کے نقشے پر موجود رہا ہے۔ ہمالیہ، قراقرم اور ہندکش کے سربفلک کوہستانوں کے درمیان اس مملکت کے مختلف خطوں کا آپس میں گہرا تعلق رہا ہے۔ ماضی میں کشمیر اور ترکستان کے ممالک کے مابین تجارتی تعلقات بہت گہرے رہے ہیں، چنانچہ ترکستان سے آنے اور جانے والے قافلے گلگت اور بلتستان سے ہو کر گزرتے تھے۔ یارقند، سمرقند، تاشقند، کاشغر اور ختن سے تجارت کا سلسلہ قراقرم کے مختلف دروں کے راستے زمانہ قدیم سے زمانہ حال تک جاری رہا ہے۔(۳)

ریاست جموں و کشمیر برصغیر پاک و ہند کے اوپر عین شمال میں اس طرح واقع ہے کہ اسے ''برصغیر پاک و ہند کا تاج'' کہا جاتا ہے اور ایشیا کے درمیان اس طرح واقع ہے کہ

اسے ایشیا کا دل کہا جاتا ہے۔اس کے مشرق میں تبت، شمال میں چین اور افغانستان ، مغرب میں پاکستان اور جنوب میں بھارت واقع ہے ۔ ماضی میں اس کے چین کے ساتھ بہت اچھے دوستانہ مراسم رہے ہیں۔ پی این کے بامزئی کے مطابق:

> Different scholars of China visited Kashmir in different ages. These scholars created love and harmony between the people of both countries. These scholars played a vital role to introduce Kashmir in the East and the West.(4)

سرزمین کشمیر نے نامور اور جری جانباز پیدا کیے۔ ان جانبازوں میں ایک نام عظیم فاتح للتادت کا بھی ہے۔جس نے نہ صرف شمالی پنجاب ،کابل،قندھاراور چینی ترکستان کو مسخر کر کے اپنی قلمرو میں شامل کیا بلکہ ہمسایہ ممالک کے ساتھ دوستانہ تعلقات بھی استوار کیے ۔للتادت ہی کے عہد حکومت میں چین کے ساتھ کشمیر کے دوستانہ مراسم تھے اور باقاعدہ سفیروں کا بھی تبادلہ ہوتا تھا۔ (۵)

کشمیر کا ایک اور عظیم سپوت ڈوگرہ مہاراجہ رنبیر سنگھ تھا، جس نے کشمیر کو بین الاقوامی سطح پر متعارف کروانے میں ایک مثبت کردار ادا کیا ۔اس نے روس اور کشمیر کے مابین تعلقات استوار کیے اور اس سلسلے میں روسی زبان کو کشمیر میں متعارف کروانے کے لیے سری نگر میں ایک سکول قائم کیا، جس میں روسی زبان سکھائی جاتی تھی۔ اس سکول کا تذکرہ کے وار یکو اس انداز میں کرتے ہیں:

> By establishing a school for teaching Russian language in Kashmir, Maharaja Ranbir Singh sought to remove the language barriers in the course of his friendly communications with the Russians in Central Asia.(6)

کشمیر کی تاریخ ناگاؤں ، آریاؤں اور پشاچوں کے ذکر سے شروع ہوتی ہے ۔ اس میں بدھ مت کے راج کا بھی تذکرہ ملتا ہے اور اختتام سکھوں اور ڈوگروں پر ہوتا ہے۔ پہلی مرتبہ اس وقت بیرونی تسلط کا شکار ہوا جب تیسری صدی قبل مسیح کے وسط میں بدھ مت کے پیرو کار اشوک نے اسے فتح کر کے اپنی قلمرو میں شامل کیا۔(۷) کشمیر کے عوام مٹھی بھر برہمنوں کی

حکمرانی اور ان کے جبر وستم سے تنگ آ چکے تھے ۔انہیں بدھ مت میں اپنی نجات نظر آئی اور انہوں نے جوق درجوق بدھ مت کو قبول کیا کیونکہ یہ ذات پات سے مبرا تھا۔ بدھ مت اپنے ساتھ محبت ، پاکیزگی، بھائی چارہ، آزادی، مساوات اور اخلاقی بلندی کا پیغام لے کر آیا۔

اشوک کے زمانہ میں انسانوں کے ایک ایسے فعال معاشرے نے جنم لیا جس میں فلسفہ، ادب، فنون، تعمیرات اور سائنس کے میدان میں کارہائے نمایاں سر انجام دیے گئے۔ بالآخر دوصدی بعد بدھ مت پر کشمیر میں زوال آیا اورہُن حکمران مہر گل نے ظلم و جبر کی ایک نئی داستان رقم کی، لیکن کشمیر کو اللہ تعالیٰ نے عروج بخشنا تھا، اسی لیے سرزمین کشمیر نے عظیم فاتح للتادت کو جنم دیا جس نے ایک مرتبہ پھر کشمیر کو عروج کی بلندیوں تک پہنچایا۔ للتادت کشمیر کی تاریخ کا وہ درخشندہ ستارہ ہے جس کا نام سُن کر ہر کشمیری کا سرفخر سے اونچا ہو جاتا ہے اور اسے فوراً یاد آ جاتا ہے کہ اس کے بزرگوں نے ایک زمانے میں ترکستان سے وسط ہند تک کے وسیع علاقے کو فتح کر ڈالا تھا۔(۸)

عرصۂ دراز تک کشمیر مختلف مذاہب کی آماجگاہ رہنے کے بعد بالآخر اسلام کی روشنی سے منور ہوا۔ کشمیر وہ خطہ ہے جس کی نسبت یہ کہنا بجا ہے کہ اس کو مسلمان بادشاہوں کی تلواروں اور تدبیروں نے نہیں بلکہ مسلمان عالموں اور درویشوں کی تاثیروں نے فتح کیا۔ سلطان محمود غزنوی نے اس کی چٹانوں سے سرٹکرایا مگر کامیابی نہ ہوئی۔ سلطان محمود غزنوی کی وفات کے تین سال بعد ۹۲۴ ہجری میں اس کے بیٹے مسعود نے بھی کشمیر پر حملہ کیا لیکن ناکام رہا۔ کشمیر میں اشاعت اسلام کا سارا کام ایران اور ترکستان کے بزرگان دین کے ہاتھوں ہوا۔ یہی وجہ تھی کہ کشمیر میں اسلام حملہ آوروں کے زور اور زبردستی سے نہیں بلکہ مرحلہ وار تبلیغ کے نتیجہ میں پھیلا ہے ۔(۹)

۱۳۳۹ء میں مسلم حکمرانی کا آغاز تاریخ کشمیر میں ایک اہم حیثیت رکھتا ہے ۔ اسلام

کشمیر میں کسی فاتح کی فوجی مہم کے نتیجے میں یا جبراً نہیں پھیلا بلکہ شاہ میر جیسے عادل، وسیع القلب اور نرم دل حکمران اور سید علی ہمدانی اور ان کے سینکڑوں رفقائے کاروں کی تبلیغ، انسان دوستی اور ذہانت و شرافت کی وجہ سے پھیلا ۔ شاہ میر سے قبل کے راجاؤں کی بدکرداریوں اور ان کے ظلم و جبر نے عوام الناس کو گوناگوں مصائب میں مبتلا کر رکھا تھا۔ شاہ میر نے شاہ میری خاندان کی بنیاد رکھ کر کشمیریوں کو نئی زندگی بخشی ۔ شاہ میری خاندان نے ایسے ایسے عظیم سپوت پیدا کیے جنہوں نے ایک بار پھر کشمیر کو بام عروج پر پہنچا دیا۔ سلطان شہاب الدین کشمیر کی تاریخ کا دوسرا درخشندہ ستارہ تھا جس نے فنِ حرب وضرب اور سپہگری میں اپنا لوہا منوایا ۔ اس عظیم سپوت نے کشمیر کی سرحدیں سرہند تک بڑھائیں۔ اس کے علاوہ مغرب میں پشاور کو فتح کرنے کے بعد کابل، کاشغر اور بدخشاں کو بھی اپنی قلمرو میں شامل کیا۔ (۱۰)

شاہ میری خاندان کا ایک اور چشم و چراغ زین العابدین المعروف بڈ شاہ تھا۔ جس نے تقریباً نصف صدی کشمیر پر حکومت کی ۔ اس کا دور حکومت کشمیر کا زریں دور سمجھا جاتا ہے۔ زین العابدین کو ہمسایہ ممالک میں عزت و احترام کی نظر سے دیکھا جاتا تھا۔ زین العابدین کے تعلقات مصر، گیلان اور مکہ کے حکمرانوں سے نہایت دوستانہ تھے ۔ والئی گوالیار ڈونگر سنگھ نے موسیقی کے موضوع پر نادر کتب زین العابدین کو تحفے میں بھیجیں اور اس کے علاوہ اس عظیم بادشاہ کے عہد میں کشمیر کے سفارتی تعلقات سندھ، بنگال، تبت، گجرات، کاٹھیاواڑ اور مالوہ سے بھی استوار رہے۔ (۱۱)

سلطان شمس الدین (۱۳۴۳ء) سے سلطان حبیب شاہ (۱۵۵۴ء) تک ۲۱۱ سال شاہ میری خاندان کی حکمرانی رہی اور غازی خان چک (۱۵۵۴ء) سے یعقوب شاہ چک (۱۵۸۶ء)

تک ۳۲ سال چک خاندان حکمران رہا۔ مغلوں نے کشمیر کو تسخیر کرنے کے لیے تقریباً آٹھ حملے کیے لیکن باہمت اور جنگجو کشمیریوں نے ہمیشہ ان کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا۔ لیکن ۱۵۸۵ء میں مذہبی منافرت اور فرقہ پرستی کا ہی شاخسانہ تھا کہ ریاست کے بزرگوں کا ایک وفد مغل شہنشاہ اکبر کے دربار میں جا پہنچا اور اپنا تعاون پیش کر کے ریاست پر فوج کشی کرنے کی دعوت دی، اور اس طرح ۱۵۸۶ء میں کشمیر دوسری مرتبہ غیر ملکی قبضہ میں آ گیا اور کشمیر کی آزاد حیثیت ختم کر کے اسے مغل سلطنت کا صوبہ بنا دیا گیا۔ (۱۲) مغلیہ سلطنت کے آخری زوال پذیر اور پر آشوب دور میں کشمیری قوم بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکی اور ۱۷۵۳ء میں مغلوں کے ظلم وستم سے تنگ آ کر کشمیریوں نے احمد شاہ ابدالی کو تسخیر کشمیر کی دعوت دی اور ۱۸۱۹ء میں اہل کشمیر کا ایک وفد پنڈت بیر بل کی قیادت میں مہاراجہ رنجیت سنگھ والئی پنجاب کے پاس لاہور پہنچا اور عوام الناس کو افغانوں کے ظلم وستم سے نجات دلانے کے لئے سکھوں کو کشمیر پر حملہ آور ہونے کی ترغیب دی۔ اس طرح سے ۱۸۱۹ء میں سکھ کشمیر کے مالک ومختار بن گئے۔ ان کا اقتدار ۲۷ سال پر محیط تھا۔ یہ ۲۷ سالہ دور اہل کشمیر کے لیے ظلم و جبر کا بدترین دور سمجھا جاتا ہے۔ اس دور کے حوالے سے کہا جاتا ہے کہ افغان حکومت اگر تلخ گھونٹ کے مشابہ تھی تو خالصہ بہادر زہر میں بجھے ہوئے تیر تھے۔ (۱۳)

لاہور دربار کی کمزوری کے بعد انگریزوں نے ریاست جموں وکشمیر پر حکمرانی کا سودا ایک ڈوگرہ سردار گلاب سنگھ کے ہاتھ ۷۵ لاکھ روپے میں کیا۔ ۱۵۸۶ء سے لیکر ۱۸۴۶ء تک کشمیر کے حکمران غیر ملکی تھے، لیکن ڈوگرے اسی ملک کے باسی تھے۔ ڈوگروں سے پہلے کشمیر کے غیر ملکی حکمرانوں نے کشمیریوں کا قومی تشخص چھین کر انہیں غلامی اور ذلت کے اندھیرے غار میں

دھکیل دیا تھا لیکن ۱۸۴۶ء میں بیعنامہ امرتسر کے بعد ڈوگروں نے ریاست جموں وکشمیر کو ایک مستقل اور جدا گانہ وجود عطا کیا۔(۱۵) گلاب سنگھ اور اس کے جانشینوں نے بیعنامہ امرتسر کے تحت حاصل کیے گئے علاقوں پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ مزید فتوحات کر کے مملکت کشمیر کی حدود کا باقاعدہ تعین کیا۔ یوں ۸۴،۴۷۱ مربع میل پر مشتمل ریاست جموں کشمیر جنوبی ایشیاء کے نقشے پر ایک بار پھر نمودار ہوئی۔

۱۸۴۶ء میں بیعنامہ امرتسر کے تحت کشمیر پر ڈوگروں کے شخصی راج کا آغاز ہوا اور انہوں نے اپنے عہد میں ایک مرتبہ پھر کشمیر کو ماضی کے ایک آزاد ملک کی حیثیت عطا کی ۔ ان کا راج تقریباً ایک صدی یعنی ۱۹۴۷ء تک قائم رہا اور برصغیر سے برطانوی اقتدار کے خاتمہ کے ساتھ ہی کشمیر کا مدعی حکمران ڈوگرہ ان تمام حقوق سے محروم کر دیا گیا جس کا بیعنامہ امرتسر کے تحت اسے دعویٰ تھا۔ (۱۵)

تقسیم ہند کے وقت برطانوی ہند میں ۵۶۵ شخصی ریاستیں تھیں جنہیں یہ آزادی دی گئی کہ وہ اپنی جغرافیائی حیثیت اور عوامی امنگوں کے مطابق دونوں مملکتوں (بھارت اور پاکستان) میں سے کسی ایک کے ساتھ الحاق کر لیں یا پھر اپنی خودمختار حیثیت کو برقرار رکھیں۔(۱۶) کشمیر سے الحاق کے حوالے سے مہاراجہ ہری سنگھ(۱۹۲۵ء۔۱۹۴۷ء) جو اس وقت ریاست پر حکمران تھا ریاستی عوام کی رائے سے بخوبی واقف تھا۔ نیز وہ یہ بھی جانتا تھا کہ جغرافیائی اعتبار سے بھی ہر حال میں کشمیر کا تعلق صرف پاکستان سے ہی بنتا ہے، لیکن ہندو ہونے کی وجہ سے ہری سنگھ ریاست کا مستقبل پاکستان کے ساتھ وابستہ کرنے کے لیے ہرگز تیار نہ تھا۔

حکومت برطانیہ کی جانب سے انتقال اقتدار کے لئے ۱۵اگست ۱۹۴۷ء کی تاریخ مقرر

کی جا چکی تھی۔ اس تاریخ سے صرف تین دن قبل ۱۲ اگست ۱۹۴۷ء کو کشمیر کے ہندو ڈوگرہ حکمران ہری سنگھ نے ہندوستان اور پاکستان کی حکومتوں سے درخواست کی کہ اس کے ساتھ ایک "معاہدہ قائمہ" کیا جائے جس کے مطابق ریاست جموں وکشمیر کے مستقبل کا فیصلہ ہونے تک انڈیا اور پاکستان کے ساتھ اس کے تعلقات کی نوعیت وہی رہے جو انتقال اقتدار سے پہلے تھی۔ اور ریاست کو تمام سابقہ سہولیات حاصل رہیں۔(۱۷) حکومت پاکستان نے ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کو ٹیلی گرام کے ذریعے اس معاہدے کو قبول کرنے کا فیصلہ ہری سنگھ تک پہنچا دیا لیکن حکومت ہند اس بارے میں خاموش رہی۔ پاکستان نے اس موقع پر احتجاج کرتے ہوئے یہ باور بھی کرایا کہ معاہدہ قائمہ کے بارے میں ہندوستان کے رویے سے محسوس ہوتا ہے کہ ہندوستانی حکومت اپنے ساتھ کشمیر کے فوری الحاق کیلئے کوئی گہری چال چل رہی ہے لیکن ہندوستانی حکومت نے پاکستان کے اس خدشے کو بے بنیاد قرار دیا۔(۱۸)

ہندوستان کے لیڈر کسی بھی صورت کشمیر کا الحاق پاکستان کے ساتھ نہیں چاہتے تھے اور انہیں یہ بھی منظور نہیں تھا کہ کشمیر خود مختار رہے۔ کیونکہ اس صورت میں بھی خطے کے تمام تر جغرافیائی، سماجی، اقتصادی اور مواصلاتی روابط پاکستان کے ساتھ ہی استوار ہونے تھے، یہ ہندو لیڈروں کو کسی بھی صورت گوارا نہ تھا۔ اسی خیال کے تحت نہرو، گاندھی اور پٹیل نے آخری وائسرائے ہند لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے ساتھ مل کر ایک سازش تیار کی تاکہ پاکستان کو کشمیر سے محروم رکھا جا سکے۔(۱۹)

مذکورہ سازش اور انگریز وائسرائے کی جانبداری کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ ۵ جون ۱۹۴۷ء کو تقسیم ہند کا منصوبہ پیش کیا گیا تو کشمیر کا حکمران اپنی ریاست کو

مستقبل میں خود مختار رکھنے کے منصوبے بنا رہا تھا۔ اس موقع پر ہندوستان کا وائسرائے اپنی گوناگوں مصروفیات ترک کر کے کشمیر پہنچ گیا اور ۱۷جون سے ۲۳جون تک کشمیر میں قیام کیا، نیز انتقال اقتدار سے دو ماہ قبل ہی ہری سنگھ کو یہ یقین دلایا گیا کہ اگر وہ ہندوستان سے الحاق کر لے تو اس کی مکمل حمایت اور حفاظت کی جائے گی۔ اس دورے کے بعد دیگر مسلمان مخالف لیڈروں نے ہری سنگھ سے ملاقاتوں کا سلسلہ شروع کر دیا اور اس کو ہندوستان کے ساتھ الحاق کے لیے قائل کرنے کا جتن کرنے لگے۔ سب سے آخر میں خود گاندھی نے کشمیر کا دورہ یکم اگست ۱۹۴۷ء میں کیا اور مہاراجہ کو قائل کرنے کی کوشش کی کہ وہ ہندوستان سے الحاق کا اعلان کرے۔(۲۰)

اس سے یہ بات صاف ظاہر ہوتی ہے کہ انگریز وائسرائے ماونٹ بیٹن اور ہندو لیڈر پہلے ہی ایسی سازش تیار کر چکے تھے جس کے نتیجے میں تقسیم کے اصولوں کی پامالی کرتے ہوئے کشمیر کو ہر حال میں ہندوستان کا حصہ بنانا مقصود تھا۔ یہی وجہ تھی کہ مہاراجہ ہری سنگھ نے بھارت، انگریز وائسرائے ماونٹ بیٹن اور دیگر مسلمان مخالف لیڈروں کے دباؤ کے تحت پاکستان کے ساتھ معاہدہ قائمہ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کشمیر کا الحاق بھارت کے ساتھ کر دیا۔ ریاست جموں وکشمیر جو آج تک غلامی کی زنجیروں میں جکڑی ہوئی ہے اسی مذکورہ سازش کا شاخسانہ ہے۔

☆☆☆☆☆

حواشی

۱۔ میر، جی ایم، کشور کشمیر کی پانچ ہزار سالہ تاریخ، رضوان پبلشرز میر پور آزاد کشمیر ۲۰۰۴،ص، ۶۶

۲۔ سبط حسین، پاکستان میں تہذیب کا ارتقاء، مکتبہ دانیال کراچی، ۱۹۷۷،ص ۹۳

۳۔ میر، جی ایم، کشور کشمیر کی پانچ ہزار سالہ تاریخ، رضوان پبلشرز میر پور آزاد کشمیر ۲۰۰۴،ص ۲۳

4. Bamzai ،P.N.K. , Cultural And Political History of Kashmir, Page, 99

۵۔ سجاد لطیف، راجہ، مطالعہ کشمیر، سنگت پبلشرز لاہور، ۲۰۰۳، صفحہ ۵۶

6 K Warikoo, Central Asia and Kashmir, Gian Publishing House, New Delhi, 1989 Page, 111

۷۔ بزاز، پریم ناتھ، تاریخ جدوجہد آزادی کشمیر، ویری ناگ پبلشرز میر پور ۱۹۹۲ء صفحہ ۳۱

۸۔ حسرت، چراغ حسن، کشمیر، نیشنل بک فاؤنڈیشن اسلام آباد، ۲۰۰۳ء، ص ۳۲

۹۔ رسول پونپر، وولرک مولر، شالیمار آرٹ پریس سرینگر، ۱۹۸۲ء، صفحہ ۸۸

۱۰۔ فوق، محمد دین، مکمل تاریخ کشمیر، ظفر برادرس لاہور، ۱۹۳۶ء، صفحہ ۳۲۰

۱۱۔ بزاز، پریم ناتھ، تاریخ جدوجہد آزادی کشمیر، ویری ناگ پبلشرز میر پور، ۱۹۹۲ء، صفحہ ۸۱

۱۲۔ میر، جی ایم، کشور کشمیر کی پانچ ہزار سالہ تاریخ، رضوان پبلشرز میر پور آزاد کشمیر ۲۰۰۴ء، ص، ۲۸

۱۳۔ فوق، محمد دین، مکمل تاریخ کشمیر، ظفر بردارس لاہور، ۱۹۳۶، صفحہ ۵۰۷

۱۴۔ وی پی مینن، کشمیر اور جونا گڑھ کی کہانی، کتاب منزل لاہور، ۱۹۶۰ء، صفحہ ۲۰۷

۱۵۔ قریشی، بشیر احمد، قائد کشمیر (چوہدری غلام عباس)، پرنٹنگ کارپوریشن آف فرنٹیر مظفر آباد ۱۹۸۵ء، صفحہ ۹۲

۱۶۔ شفیق حسین، مرزا، آزاد کشمیر، ایک سیاسی جائزہ، قومی ادارہ برائے تحقیق تاریخ وثقافت اسلام آباد، ۱۹۹۰ء، ص ۶۱

۱۷۔ کلیم اختر، شیر کشمیر، سندھ ساگر اکادمی، لاہور، ۱۹۶۳، ص ۲۰۸

۱۸۔ شکیل احمد، خواجہ، مسئلہ کشمیر۔ ایک تاریخی جائزہ، کلیہ علوم اسلامیہ و شرقیہ پنجاب یونیورسٹی لاہور، ۱۹۹۹، صفحہ ۲۲

۱۹۔ ایضاً، صفحہ ۲۳ ۲۰۔ ایضاً

Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 29, Sr. No.73, 2008, pp 61 - 72

تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۲۹، عدد ۱۔۴، شمارہ ۷۳، ۲۰۰۸ء

ترجمے کا فن

خالد ندیم ☆

Abstract

Translation is a vehicle to transform the thinking and literary experiments in shape of text into other languages for the benefit of the comparatively less developed thinking or literary outlooks.Literature of the world speaks volumes about the tradition of translation. Almost all the great figures in literature, philosophy and science have been in favor of translation from one language to other languages and some of them have also rendered translations themselves. Despite its inevitability in the diffusion of knowledge, its status as an established form of literature is yet a question mark.

تاریخ عالم بتاتی ہے کہ ترقی یافتہ اقوام کے علوم وفنون سے اخذ وقبول کا سلسلہ کم و بیش ہمیشہ سے جاری ہے۔ بالعموم یہ آسان نہیں ہوتا کہ کوئی قوم دیگر زبانوں یا تہذیبوں سے بالکل بے نیاز ہوکر ترقی کی منازل طے کرلے۔ اقوام کے درمیان تہذیبی وثقافتی اور علمی و ادبی لین دین اور تعامل میں ترجمہ بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ ترجمے کے عمل کو دو زبانوں کے مابین ایک پُل سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ترجمہ ایسا دریچہ ہے جس سے دوسری قوموں کے احوال ہم پر کھلتے ہیں۔(۱) گویا دو لسانی گروہوں کے درمیان باہمی مکالمے کی صورت ترجمے (یا ترجمان) ہی

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اردو، سرگودھا یونیورسٹی، سرگودھا۔

کے ذریعے ممکن ہے۔ علمی و ادبی اعتبار سے ترجمہ کسی زبان پر کیے گئے ایسے عمل کا نام ہے، جس میں کسی اَور زبان کے متن کی جگہ دوسری زبان کا متبادل متن پیش کیا جائے۔(۲) تاہم مظفر علی سید کا کہنا ہے کہ عربی تعریف کے مطابق ترجمہ 'نقلِ کلام' ہے، جو نقلِ مطالب یا نقلِ معانی نہیں۔ نقل کلام کا تقاضا یہی ہے کہ کلام جس زبان میں نقل ہو، اُس میں تقریباً ویسا ہی اثر پیدا ہو جیسا اصل زبان میں ہوا تھا۔(۳) یعنی ترجمہ متبادل متن ہی کا مطالبہ نہیں کرتا، متبادل تاثر و کیفیت کا بھی متقاضی ہے۔ گویا ترجمے کا عمل ایک علمی و ادبی پیکر کو دوسرے پیکر میں دِکھانا ہے اور وہ بھی اس احتیاط و خوبی سے کہ اس کا ڈیل ڈول، شکل و شباہت، ناز و انداز اور جزئیات و خیالات پورے طور پر منتقل ہو جائیں۔(۴) چناں چہ ڈاکٹر سید عابد حسین کے مطابق ترجمے کو ادبی قدر و قیمت اس وقت حاصل ہوتی ہے جب ایک زبان سے دوسری زبان میں مفہوم کے ساتھ وہ آب و رنگ، وہ چاشنی، وہ خوش بو، وہ مزہ بھی آ جائے، جو اصل عبارت میں موجود تھا۔(۵)

ترجمے کے باب میں یہ ساری خواہشات نہایت ہی مستحسن سہی، لیکن عملاً ایسا ممکن نہیں اور نہ ہی کوئی ترجمہ آج تک اس معیار پر پورا اُتر سکا ہے۔ اگر ایسا ہو سکتا تو ترجمے کو تخلیق سے کمتر یا دوسرے درجے کی علمی و ادبی سرگرمی قرار نہ دیا جاتا۔

جب بات شاعری کی ہو تو مطالبات مزید بڑھ جاتے ہیں۔ ترجمہ تو خود ایک پیچیدہ عمل ہے اور شاعری کے سلسلے میں، رابرٹ فراسٹ کے خیال میں، جو چیز ترجمے میں آنے سے رہ جاتی ہے، وہ دراصل شاعری ہی ہے۔ سحر انصاری کے مطابق کسی نے ییٹس سے کہا کہ آپ کی فلاں نظم میری سمجھ میں نہیں آئی، تو انھوں نے جواب دیا۔ کہ اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ جو الفاظ مَیں نے نظم میں استعمال کیے ہیں، اُن کے علاوہ دوسرے لفظوں میں اس بات کو بیان کروں، تو آپ سخت غلطی کر رہے ہیں۔' شاعری کے ترجمے کے بارے میں ایک اَور قول بھی بہت مشہور ہے کہ شاعری کا ترجمہ اُس محبوبہ کی طرح ہے، جو خوب صورت ہو تو وفادار نہیں ہوتی اور وفادار ہو تو خوب صورت نہیں ہوتی۔ (۶)

ترجمے کا عمل کسی فن پارے کو پورے طور پر کسی دوسری زبان میں منتقل کرنے کا نام ہے، جب کہ بعض اوقات ترجمے کی پیچیدگیوں، تصنیفی ضروریات یا طباعتی مشکلات کے پیش نظر مکمل ترجمے کے بجائے کسی تصنیف کے مکمل یا جزوی نظریات و افکار سے کام لینے میں سہولت محسوس کی جاتی ہے اور مترجم فن پارے سے اپنے مقصد و مطلب کو حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ ایسی صورت میں ترجمہ، ترجمہ نہیں رہتا، بلکہ اخذ و تألیف یا تلخیص کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔

ترجمے کا بنیادی تقاضا کسی تصنیف کے خیالات و افکار کے ساتھ ساتھ اس تصنیف میں پوشیدہ تمامتر تہذیبی و ثقافتی رویے، مذہبی و سیاسی نظریات، معاشرتی و معاشی تصورات، لسانی و اسلوبیاتی خصوصیات، حتیٰ کہ مصنف کے طرزِ احساس کی منتقلی ہے۔

چونکہ ترجمہ دو تہذیبوں کے درمیان خلیج کو پاٹنے کا کردار ادا کرتا ہے اور بعض اوقات ترجمہ ہی کسی تہذیب یا قوم کے علوم سے شناسائی کا واحد ذریعہ ہوتا ہے، جس طرح بعض ناپید یونانی کتب کا نام محض اپنے عربی تراجم کی بدولت ہی زندہ ہے، اس لیے مترجم کی ذِمہ داری بہت بڑھ جاتی ہے۔

مترجم کے لیے تصنیف اور ترجمے کی زبان پر یکساں عبور ضروری ہے۔ مصنف کے خیال کو گرفت میں لا کر اُسے اپنی زبان کے تمام تر امکانات کے مطابق زیبِ قرطاس کرنے میں ہی اس کا کمال ہے۔ اگر وہ مصنف کے الفاظ کے پس منظر میں پوشیدہ رُوح کو نہ پاسکے، یا متن کی رُوح کو سمجھنے کے بعد ترجمے کی زبان میں نہ لا سکے تو وہ کام یاب مترجم نہیں کہلا سکتا۔ اسی طرح جب تک کوئی شخص متواتر اور پے در پے زبان کی نزاکتوں اور اسلوبیاتی نظام پر غور نہیں کرتا اور جب تک اپنے افکار کو مختلف اور گوناگوں انداز سے لفظوں کی معرفت سامنے لانے کی مشق و مزاولت بہم نہیں پہنچاتا، اُس وقت تک وہ ترجمے کی ذِمہ داریوں سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتا۔ (۷) چنانچہ مترجم کے لیے اسی پائے کے علم اور تجربے کی ضرورت ہوتی ہے، جو اس کتاب اور

فن پارے کے مصنف کا ہو۔ اصل مصنف کے اندازِ بیان اور لسانی خصوصیات کے علاوہ اگر اس کے تعلیمی معیاروں، اس کے عام حالاتِ زندگی اور اس سے متعلق اس کے نقطہ نظر اور عصری تقاضوں سے جس قدر واقفیت ہو گی، اس کے لیے اتنا ہی بہتر ہے۔(۸)

بقول مظفر علی سید، ترجمے کا ہنر اس لحاظ سے خاصا پیچیدہ ہے کہ اس میں دُہری تہری صلاحیت کی ضرورت پڑتی ہے۔ متن کی زبان اور اپنی زبان تو خیر آنی ہی چاہیے، اُس موضوع سے بھی طبعی مناسبت درکار ہے، جو متن میں موجود ہے؛ مصنف سے بھی کوئی نہ کوئی نفسیاتی مماثلت لازمی ہے اور اس صنفِ ادب یا شاخِ علم سے بھی، جس سے متن پیوست ہے، مترجم کو پیوستگی حاصل ہو، تب شاید ترجمہ چالو معیار سے اوپر اُٹھ سکے۔(۹)

یہ حقیقت ہے کہ مترجم جب کسی کتاب کو ترجمے کے لیے منتخب کرتا ہے تو لاشعوری طور پر وہ اُس زبان، اُس کتاب اور اس کے افکار و نظریات کو اپنی زبان اور اپنے ادب سے برتر تسلیم کر لیتا ہے۔ اس طرح وہ اپنی ذات، علمیت اور اپنے خیالات و تصورات پر مصنف کو فوقیت دیتا ہے۔ اسی لیے ڈاکٹر جمیل جالبی کہتے ہیں کہ اچھا ترجمہ اسی وقت وجود میں آ سکتا ہے، جب مترجم نے نیک نیتی کے ساتھ اپنی شخصیت کو کھو کر مصنف کی شخصیت تلاش کرنے کی کوشش کی ہو۔ اپنی ذات کی نفی اور اپنی شخصیت سے انکار ایک اچھے مترجم کے لیے ضروری ہے۔(۱۰)

چنانچہ مترجم کو اصل کی نقل کرنے میں ایک مصور اور اداکار کی طرح مصنف کے ساتھ ہلاک ہونا پڑتا ہے، اس کے ساتھ تالیاں بجانا، قہقہے لگانا اور کراہنا پڑتا ہے، اور یہ سب کر لینے کے باوجود پوری طرح سنجیدہ اور لیے دیے رہنا پڑتا ہے۔ تب جا کر ایک آرٹ بنتا ہے اور تخلیقی درجہ حاصل کرنے کے قابل سمجھا جاتا ہے۔(۱۱) اس کے باوجود کسی اچھے سے اچھے ترجمے کو بھی تصنیف کا قائم مقام سمجھنے میں ہمیشہ ہچکچاہٹ محسوس کی جاتی رہی ہے۔ مظفر علی سید کے نزدیک اس کی وجہ یہ ہے کہ مختلف ادوار میں ایک ہی کلاسیکی کارنامے کے نئے ترجمے نمودار ہوتے ہیں،

مگر کسی بھی ترجمے کو حرفِ آخر نہیں کہا جا سکتا۔ ان ترجموں کو بھی نہیں، جن کو اپنے زمانے میں تخلیق سے بہتر خیال کیا گیا ہو۔(۱۲)

کیا اس کا مطلب یہ لیا جائے کہ مترجم کی حیثیت مصنف کے مقلد کی ہے اور مصنف کے قدم سے قدم مِلا کر چلنے میں ہی مترجم کی کام یابی ہے، یعنی مترجم کی حیثیت ایک تخلیق کار سے کمتر درجے کی ہے۔ اکثر ناقدین کے ہاں مترجم کے بارے میں یہی روّیہ مِلتا ہے، بلکہ ایک یونانی مقولے کے مطابق ترجمہ ایک بُھنی ہوئی سٹرابری کی طرح ہے، یعنی بُھننے کے عمل سے سٹرابری کا ذائقہ جس حد تک تبدیل ہو جاتا ہے، کسی تصنیف میں ترجمے کے بعد اُسی حد تک تبدیلی رُونما ہو جاتی ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ساری دُنیا میں اسے طبع زاد ادب کے مقابلے میں دوسرے درجے کی چیز شمار کیا جاتا ہے۔(۱۳)

تاہم اس نوعیت کی رائے کا اظہار کرنے والے حقیقی ترجمے کے پیچھے کارفرما رُوح کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ میرزا ادیب کے خیال میں ہر ادب پارے کی اپنی بو باس ہوتی ہے۔ یہ بو باس اس فضا میں رچی بسی ہوتی ہے، جس میں ایک مصنف سانس لیتا ہے۔ یہ بوباس ایک خاص خطہ ارض میں بسنے والے لوگوں کی زندگی سے متعلق اجتماعی رویے سے پھوٹتی ہے۔ یہ روّیہ معاشرتی زندگی کے خاص تجربات اور مشاہدات سے برروے کار آتا ہے اور جب ایک مترجم کسی مصنف کی تحریر کو ان عناصر کے ساتھ اپنی زبان میں لے آتا ہے تو اس کی یہ کوشش ثانوی درجے سے بلند ہو کر تخلیقی ادب کی بلندیوں تک پہنچ جاتی ہے۔(۱۴) اسی لیے امریکہ میں ترجمے کے لیے دوبارہ تخلیق (Re-creation) کا لفظ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔(۱۵) چناں چہ ایک اچھا ترجمہ ہمیشہ تخلیقی ہوتا ہے، اس لیے کہ ترجمہ سے متبادل اور مترادف الفاظ کی تلاش کرنا نہیں، بلکہ ان افراد کی رہنمائی مقصود ہوتی ہے، جو دوسری زبان کو نہیں جانتے۔(۱۶)

یہ مترجم کی بدنصیبی ہے کہ ایک طرف اس کی جان کاہی کو تخلیق کے برابر نہیں سمجھا جاتا تو دوسری جانب ترجمہ کرتے ہوئے اُسے پُل صراط سے گزرنا پڑتا ہے۔ دوسروں کی زبان کے الفاظ اور لسانی تشکیلات میں پوشیدہ مفہوم اور تجربے تک پہنچنا اور پھر اس کی رُوح کو زندہ رکھتے ہوئے اسے کسی دوسری زبان کے پیکر لفظی میں ڈھالنا اتنا آسان نہیں ہے، جتنا بہ ظاہر نظر آتا ہے۔ یہ فن اس لیے بھی مشکل ہے کہ دوسری زبان کے نامانوس مزاج، عجیب لہجے اور سانچے میں ڈھلے ہوئے جملوں کی نئی ترکیب اور ساخت سے آشنا ہو کر اسے اپنے مزاج میں ڈھالنا، اپنے لہجوں سے ہم آہنگ کرنا اور پھر لفظوں کا اصل لباس اُتار کر نئے ماحول اور نئی زبان کے الفاظ کا لباس پہنانا، کہ قلبِ ماہیت مضحکہ خیز بھی نہ بن جائے اور مسخ بھی نہ ہو، کوئی آسان کام نہیں۔ پھر اصل مصنف کے مزاج، لب و لہجے اور طرزِ احساس کو سلامت رکھ کر اس طرح ترجمہ کرنا کہ اجنبیت کا احساس بھی باقی نہ رہے، واقعی مشکل مرحلہ ہے۔(۱۷) چنانچہ مترجم، جسے ایک وقت تک 'نمک حرام'، 'غدار' اور 'منحرف' قرار دیا گیا، اپنے کام کی بدولت بین الاقوامی اور بین التہذیبی روابط میں اہم مقام کا مستحق ہے۔ علمی، ادبی اور لسانی اعتبار سے وہ مختلف مراتب کا حامل ہو سکتا ہے، لیکن اپنے کمال کے ساتھ وہ آج بھی علم و ادب کا اہم رُکن تصور کیا جاتا ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ تہذیبی و علمی میدانوں میں ترجمے کی اہمیت و کردار کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ دراصل انسانی تہذیب کی ترقی کسی ایک گروہ سے وابستہ نہیں۔ اس کی ترقی مجموعی انسانی ترقی ہے اور اس ترقی میں ترجمے کا بڑا ہاتھ ہے۔ غلام ربانی آگرو کے خیال میں تراجم کے ذریعے زبان و ادب کی ترقی کے ساتھ ساتھ قومی اور بین الاقوامی سطح پر دوسری لسانی برادریوں کے ساتھ مفاہمت، افہام و تفہیم، یگانگت اور اتحاد کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔(۱۸)

یہ بھی ہے کہ جب کسی قوم کا تخلیقی عمل سست روی کا شکار ہو اور نئے نظریات اور جذباتی پیرایوں کی تشکیل و تدوین کی اہلیت کسی قدر سلب ہو چکی ہو تو اس وقت خیالات کی ترویج اور

نظریات کی تشکیل غیر ملکی ادب ، فلسفہ اور دیگر شعبہ ہائے تخلیقات کے ذریعہ متواتر تراجم کی ضرورت نہ صرف ایک اجتماعی تقاضے کی سطح پر اُبھرتی ہے، بلکہ ادبی اور علمی سطح پر بھی ناگزیر ہو جاتی ہے۔(۱۹) ایسے دَور میں قوم کی بڑی خدمت یہی ہے کہ ترجمہ کے ذریعے دُنیا کی اعلیٰ درجہ کی تصانیف اپنی زبان میں لائی جائیں۔ یہی ترجمے خیالات میں تغیر اور معلومات میں اضافہ کریں گے، جمود کو توڑیں گے ،قوم میں ایک نئی حرکت پیدا کریں گے اور پھر یہی ترجمے تصنیف و تألیف کے جدید اسلوب اور آہنگ سجائیں گے۔(۲۰)

اس سے نہ صرف یہ کہ خیالات و افکار میں تازہ جھونکے محسوس ہونے لگتے ہیں، بلکہ زبان و بیان کے پُرتعفن تالاب میں تازہ پانی کی آمیزش شروع ہو جاتی ہے، چنانچہ ترجمے کے ذریعے زبان کئی اعتبار سے پھلتی پھولتی ہے۔ ترجمہ جہاں الفاظ اور زبان کی نشو و نما کے ذریعے انسانی علوم میں اضافے کا باعث بنتا ہے، وہیں ذہنی سرحدوں کو بھی کشادگی بخشتا ہے۔ زبان کی سطح پر ترجمہ خیالات و جذبات کی ہر ہر کروٹ کو سمونے کی خاطر نت نئے اسالیبِ بیان سے متعارف کرواتا ہے۔ ترجمہ کرتے وقت جہاں نئے الفاظ، استعاروں کے رُوپ میں جنم لیتے ہیں، وہیں پرانے اور برتے ہوئے الفاظ کو آکسیجن مہیا ہوتی ہے۔ نئے محاورے اور نئے محاکات کے جنم کے ساتھ نئے علوم و فنون سے آشنائی ہوتی ہے۔ ہمیشہ نئی اصنافِ ادب کا ورود ترجمے کے ذریعے ہی ممکن ہو سکا ہے۔(۲۱) چنانچہ احیائے علوم کی تحریکوں کے پیچھے یا کسی قوم کے فکری اور شعوری ارتقا میں ہمیں ترجموں کا کردار بہت نمایاں نظر آتا ہے۔ خلافتِ عباسیہ کے دَور میں یونانی علوم کے تراجم، یورپی احیائے علوم کی تحریک کے پس منظر میں اسلامی علوم کے تراجم، ہر دو صورتِ حال اس بات کا ثبوت ہیں کہ فکر و شعور کی بلندی اور تہذیبی تحریک میں ترجمے خاص کردار ادا کرتے ہیں۔(۲۲)

ادبیاتِ عالم کا ارتقا بڑی حد تک تراجم ہی کا مرہونِ منت ہے۔ پروفیسر عبدالقادر سروری کے خیال میں جس طرح دِیے سے دِیا جلتا ہے، اسی طرح علوم سے علوم پیدا ہوتے ہیں۔ اگر دُنیا کی تمام ترقی یافتہ زبانوں کو ٹٹولا جائے تو پتہ چلے گا کہ ان کی نشو و نما کے مختلف مرحلوں میں دوسری زبانوں کے اثر کو بھی بڑا دخل رہا ہے۔(۲۳) چنانچہ تراجم کے زیرِ اثر زبانیں اور تہذیبیں پہلے سے زیادہ باثروت اور وسعت پذیر دِکھائی دینے لگتی ہیں، اور ان میں اظہار کے نئے نئے وسائل جنم لینے لگتے ہیں، اس کے باوجود تیسری دُنیا میں، جہاں اس کی ضرورت سب سے زیادہ ہے، ترجمے کو اَب تک حقارت کی نظر سے ہی دیکھا جاتا ہے، حالاں کہ یہ 'حقیر' کام کم سے کم مغرب میں ایسے لوگوں نے بھی انجام دیا ہے، جو اپنی اپنی زبانوں کی آبرو تھے۔ انگریزی میں چوسر سے لے کر ڈرائیڈن، پوپ، کولرج اور براؤننگ تک اور بیسویں صدی میں لارنس، ییٹس، پاؤنڈ، ایلیٹ، آڈن اور بیکٹ تک نے یہ کام کیا ہے۔ بیسویں صدی کے اردو ادب میں پریم چند، سجاد حیدر یلدرم، محمد حسن عسکری، قرۃ العین حیدر اور انتظار حسین نے نثری ادب کا ترجمہ کیا اور اقبال سے لے کر فیض، راشد، فراق، میراجی، مجید امجد اور شان الحق حقی جیسے شاعروں نے شعری ادب کے تراجم کیے۔ ان میں کون ہے، جس نے کسی بھی دوسری شخصیت کا ضمیمہ بننا قبول کیا ہو۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ تخلیقِ ادب کے مقابلے میں ترجمے کا کام نفیِ خودی کا مظہر ہے، لیکن سوچنے کی بات ہے کہ پھر یہ کام اثباتِ خودی کے پیغمبر حضرت علامہ نے کیوں انجام دیا؟ شاید اس لیے کہ اسرارِ خودی سے ہی نہیں، رموزِ بے خودی سے بھی ان کا رشتہ اتنا ہی گہرا تھا۔(۲۴)

اقبال سمیت دُنیا کے عظیم فن کاروں کا ترجمے کی طرف رجحان جہاں ترجمے کی وقعت کو بڑھانے کا باعث بنا ہے، وہیں اس بات کی طرف اشارہ بھی ہے کہ تخلیق کے میدان میں

ترجمے کی اہمیت تخلیق سے کم تر نہیں، بلکہ تخلیق کے ساتھ ساتھ ہے، تاہم اس بات کو پیش نظر رکھنا چاہیے کہ مترجم کو متعلقہ زبانوں کے اصول، قواعد، محاورات، مقامی لفظیات، تراکیب، تشبیہات و استعارات، علائم و رموز، اصطلاحات، متروکات، محاسن و معائب سے خوب آشنائی ہو۔ چونکہ ہر تصنیف اپنے ترجمے کے لیے مختلف رویے کی متقاضی ہے، اس لیے مترجم پر فرض ہے کہ وہ علمی، ادبی اور صحافتی ترجمے میں امتیاز قائم رکھ سکے۔

علمی تراجم میں سائنسی علوم وفنون اور غیر ادبی تصانیف شامل ہیں۔ ایسے تراجم میں لفظ و اصطلاح کو بڑی اہمیت حاصل ہوتی ہے اور مترجم کی کوشش ہوتی ہے کہ اصطلاحات و تراکیب میں یکسانیت قائم رہے اور وہ مسلمہ اصولوں کے مطابق ہوں۔ ادبی تراجم میں شعر وسخن اور افسانوی نثر شامل ہیں۔ ان تراجم میں خیال کی درآمد کے ساتھ ساتھ مصنف کی رُوح اور زبان و بیان کی خوبیوں کا لحاظ بھی رکھا جاتا ہے۔ صحافتی ترجمے میں وقتی ضرورتوں اور فوری ابلاغ پر توجہ دی جاتی ہے۔ اس میں زبان و بیان کی نزاکتوں کی جگہ خبر میں موجود معلومات کو قاری تک پہنچانے کو اوّلیت حاصل ہے۔

علمی، ادبی اور صحافتی تقسیم کے علاوہ زبان و بیان کے اعتبار سے بھی ترجمے کی تین اقسام ہیں۔ یعنی لفظی ترجمہ، آزاد ترجمہ اور معتدل ترجمہ۔ لفظی ترجمے کی بہترین مثال قرآنِ پاک کا اوّلین اردو ترجمہ ہے، جسے اہل نظر نے لفظی، بے محاورہ اور دُشوار قرار دیا ہے۔(٢٥) تاہم علوم وفنون میں لفظی ترجمے کو ہی ترجیح دی جائے گی۔ ہلال احمد زبیری کے خیال میں یہاں تو اصل کے ہر لفظ کے معنی اور اس کی اہمیت ترجمے میں حتی الامکان پوری طرح منعکس ہونی چاہیے، ورنہ مصنف نے دلائل و شواہد پیش کر کے جو نتائج اخذ کیے ہیں، اور ان کے اظہار و بیان کا جو پیرایہ اختیار کیا ہے، ترجمہ ان کا آئینہ دار نہیں ہو گا۔ علمی کتابوں کے مترجم پر بہت بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ وہ اپنی فکر کو اصل مصنف کے فکری قالب میں ڈھال کر ہی اپنی ذِمہ داری سے عہدہ برآ ہو سکتا ہے۔ اسی وجہ سے اس پر زور دیا جاتا ہے کہ علوم کا ترجمہ ہر

صورت میں لفظی ہونا چاہیے۔(۲۶) داستانوں ، افسانوں، کہانیوں، خاکوں اور ہلکی پھلکی نگارشات کے ترجمے کے لیے آزاد ترجمہ بہت موزوں تصور کیا جاتا ہے۔ ایسے تراجم میں عام طور پر مصنف کے خیالات مترجم کی فن کاری کی نذر ہو جاتے ہیں اور ترجمے میں مصنف کے افکار کے علاوہ سب کچھ موجود ہوتا ہے، چناں چہ مظفرعلی سید کے الفاظ میں عام قسم کا لفظ بہ لفظ ترجمہ، جس میں اصل زبان کی زندگی مفقود ہو، یا ایسا رواں دواں اور آزاد ترجمہ، جس میں اصل کی تہ در تہ معنویت قربان ہو جائے، فنِ ترجمہ کی مشکلات سے ناآشنائی یا دانستہ گریز کا مظہر ہے۔(۲۷) تاہم معتدل ترجمہ ہی وہ منزل ہے، جہاں ایک مترجم نقال سے بلند مرتبے پر فائز ہوتا ہے اور وہ مصنف کے افکار و نظریات سے صرفِ نظر کیے بغیر ترجمے میں فنی و لسانی خصوصیات کا التزام کرتا ہے اور یوں اس کا ترجمہ تخلیق کے قریب پہنچ جاتا ہے۔

☆☆☆☆

حواشی

۱۔ پروفیسر رشید امجد، فنِ ترجمہ کے اصولی مباحث، مشمولہ رُوداد سیمینار...... اردو زبان میں ترجمے کے مسائل، ص ۴۲
۲۔ عطش درانی، فنِ ترجمہ...... اصول و مبادیات، مطبوعہ اخبارِ اردو، اسلام آباد، جنوری ۱۹۸۵ء ص ۴ تا ۸
۳۔ فنِ ترجمہ کے اصولی مباحث، مطبوعہ رُوداد سیمینار...... اردو زبان میں ترجمے کے مسائل، ص ۴۱
۴۔ دِل شاد کلانچوی، ترجمے کا فن...... نظری مباحث ۴۶ ق م تا ۱۹۸۶ء، ص ۱۰
۵۔ مشمولہ بیاضِ مبارک، مرتبہ سید زوار حسین زیدی، ص ۵۶
۶۔ ڈاکٹر اختر حسین اور ترجمے کا فن، مشمولہ افکار نذرِ ڈاکٹر اختر حسین رائے پوری، ص ۱۷۱
۷۔ ڈاکٹر مرزا حامد بیگ، مغرب سے نثری تراجم، ص ۴۸
۸۔ ڈاکٹر غلام علی الانہ، اختتامی اجلاس، مطبوعہ رُوداد سیمینار...... اردو زبان میں ترجمے کے مسائل، ص ۱۲
۹۔ فنِ ترجمہ کے اصولی مباحث، مطبوعہ رُوداد سیمینار...... اردو زبان میں ترجمے کے مسائل، ص ۳۷ تا ۳۸
۱۰۔ تنقید اور تجربہ، ص ۱۲۵
۱۱۔ ڈاکٹر مرزا حامد بیگ، مغرب سے نثری تراجم، ص ۳۹ تا ۴۰
۱۲۔ فنِ ترجمہ کے اصولی مباحث، مطبوعہ رُوداد سیمینار...... اردو زبان میں ترجمے کے مسائل، ص ۳۵
۱۳۔ ڈاکٹر مرزا حامد بیگ، مغرب سے نثری تراجم، ص ۵
۱۴۔ میرزا ادیب، کچھ ترجمے کے بارے میں، مطبوعہ نوائے وقت، راول پنڈی، ۱۲ رمئی ۱۹۷۸ء
۱۵۔ آلِ احمد سرور، نظر اور نظریے، ص ۲۵۰
۱۶۔ سید غفران الجلیلی، فنِ ترجمہ کے اصول و مبادیات، مطبوعہ اردو نامہ (سال نامہ) لاہور، مارچ ۱۹۸۲ء
۱۷۔ پی گرے، تحسینِ شعر (ترجمہ: ڈاکٹر روبینہ ترین) بہ حوالہ مغرب سے نثری تراجم از ڈاکٹر مرزا حامد بیگ، ص ۲۴
۱۸۔ ترجمے کا فن...... نظری مباحث ۴۶ ق م تا ۱۹۸۶ء، ص ۱۲۷
۱۹۔ انیس ناگی، تصورات، ص ۴۲

۲۰۔ مولوی عبدالحق ،مقدمہٴ تاریخ یونان،(ترجمہ: سید ہاشمی فرید آبادی)،ص۳
۲۱۔ ڈاکٹر مرزا حامد بیگ، مغرب سے نثری تراجم،ص ۱۶
۲۲۔ ڈاکٹر سجاد باقر رضوی،افسانوی ادب کے تراجم: مسائل اور مشکلات،مطبوعہ رُوداد سیمینار، اردو زبان میں ترجمے کے مسائل،ص ۱۹۷تا ۱۹۸
۲۳۔ مقدمہ مغربی تصانیف کے اردو تراجم ، از مولوی میر حسن،ص۵
۲۴۔ مظفر علی سید، فنِ ترجمہ کے اصولی مباحث،مطبوعہ رُوداد سیمینار...... اردو زبان میں ترجمے کے مسائل،ص۱۲
۲۵۔ نثار احمد قریشی، اردو میں نثری تراجم کی روایت کا مختصر جائزہ، مطبوعہ ترجمہ...... روایت اور فن ،ص ۵
۲۶۔ ترجمے کا فن...... نظری مباحث ۴۶ ق م تا ۱۹۸۶ء، ص۱۳۱ تا ۱۳۲
۲۷۔ مظفر علی سید، فنِ ترجمہ کے اصولی مباحث،مطبوعہ رُوداد سیمینار...... اردو زبان میں ترجمے کے مسائل،ص ۴۰

Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 29, Sr. No.73, 2008, pp 73 - 86

تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۲۹، عدد ا۔۴، شمارہ ۷۳، ۲۰۰۸ء

تذکرہ شیخ بہاء الدین بزبان خواجہ نظام الدینؒ
(فوائد الفواد کی روشنی میں)

ڈاکٹر محمد سلطان شاہ☆

Abstract

Shiekh Baha al-Din Zakariyya Multani (569-664A.H) founder of Suhrwardi order in the subcontinent was a contemporary of Fareed al-Din Ganj Shakar. He showed the right path to the people. Being a prominent sufi, he impressed his followers and contemporaries through his piety and spiritual excellence. Khawja Nizam al-Din Auliya often mentioned the name of Shiekh Zakariyya Multani in his meetings and quoted him time and between for his achievements in Sufism and services for the spread of Islam. Ameer Hasan 'Ala Sanjri compiled "Fawid al-Fawaad" comprising the sayings of Nizam al-Din Auliya. This compilation is an ample proof of his love and liking of Shiekh Multani.

حضرت بہاء الدین ابو محمد زکریا ملتانیؒ برصغیر پاک و ہند میں سلسلۂ سہروردیہ کے بانی ہیں۔ آپؒ نے ایک طرف یہاں اس سلسلہ کو ترویج دی تو دوسری طرف ایک منظّم تبلیغی

☆ صدر شعبہ علوم اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی، لاہور

